نقش بدیع

تقریباً چھ ہزار ایسے جدید لغات و محاورات
پارسی کا گنجینہ جو مروجہ کتب لغات میں نہیں
ملتے مگر ایران میں عام طور پر مستعمل ہیں۔

مؤلفہ
جناب مولوی وجاہت حسین صاحب عندلیب شادانی منشی فاضل رامپوری

بتصحیح و نظر ثانی
عالیجناب پروفیسر سید اولاد حسین صاحب شادان بلگرامی

حسب فرمائش
شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور
۱۹۲۳ء
مطبع کریمی لاہور میں میر امیر بخش کے اہتمام سے چھپی
طبع اوّل
قیمت عہ قسم اعلیٰ

نقشِ بدیع

یعنی

تقریباً ساڑھے چھ ہزار ایسے جدید لغات و محاورات پارسی کا گنجینہ جو مروجہ
کتب لغات میں نہیں ملتے مگر ایران میں عام طور پر مستعمل ہیں،

مولفہ
جناب مولوی وجاہت حسین صاحب عندلیب شادانی (منشی فاضل) رامپوری

بتصحیح و نظر ثانی
عالیجناب پروفیسر سید اولاد حسن صاحب شادان بلگرامی

بفرمائش
شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور

مطبع کریمی لاہور باہتمام امیر بخش پرنٹر کے اہتمام سے چھپی

۱۹۲۳ء

قیمت

طبع اول

لایق نبود قطرہ بہ عمان بردن — خار و خس صحرا بگلستان بردن
اما چہ کنم کہ رسم مورے باشد — پائے ملخے پیش سلیمان بردن

میں اپنی ناچیز مساعی کے اس سبک مایہ نتیجہ کو انتہائے نیاز و ارادت اور غایت خلوص و عقیدت کے ساتھ عالی جناب صاحبزادہ عبدالجلیل خاں صاحب ڈپٹی کلکٹر جنکا بیکران "تلطف دائمی میرے لئے کونین کی بہترین نعمات میں سے ہے۔ اور جن کی "تحریکات معنوی" طلب علم پر میری آمادگی اور مشاغل علمیہ میں انہماک و شغف کا باعث ہوئیں، کے حضور میں پیش کرکے اپنے لئے طمانیت و مسرت اور نازش و مباہات کا سرمایہ بہم پہنچاتا ہوں۔

این ہدیہ ناچیز اگر افتد قبول خاطرش
باشم عزیز و مفتخر نازم نصیب خویش را (عندلیب)

خاک نشین عندلیب شادانی

"ہُو المجلیس"

تعارف

کائنات میں کوئی شئے ایسی نظر نہیں آتی جسمیں امتدادِ ایام سے تغیر نہ واقع ہوتا ہو چنانچہ السنہ انام بھی اس کلیہ سے مستثنیٰ نہیں۔ اگرچہ ہر زبان کی قدیم و جدید صورتیں اس دعوے پر شاہد عادل ہیں مگر اس موقعہ پر میں صرف فارسی زبان سے بحث کرنی چاہتا ہوں۔ شاہنامہ۔ درّہ نادرہ۔ سکندر نامہ۔ انشائے ابوالفضل۔ سہ نثر ظہوری وغیرہ وغیرہ کتب فارسیہ جن کا درسیات میں شمار کیا جاتا ہے اور قدیم فارسی لٹریچر کا بہترین نمونہ ہیں اگر ایران کے دورِ حاضر کی فارسی سے ان کا مقابلہ کیا جائے تو زمین و آسمان کا فرق نظر آتا ہے۔ اکثر لغاتِ عربیہ جن کا استعمال قدما کے یہاں بکثرت پایا جاتا ہے۔ اب ٹکسال باہر خیال کئے جاتے ہیں اور ایک بڑی حد تک وہ درجہ اعتبار سے ساقط ہو چکے ہیں مرادف فقرے۔ طویل اور دقیق جملے پیچیدہ اور دشوار ترکیبیں اب نامطبوع خیال کی جاتی ہیں اور ان کے بجائے سادگی سلاست اور بیساختگی کو مستحسن سمجھا جاتا ہے۔ گویا تحریر و تقریر دونوں میں یکرنگی اور مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اور سادگی و سلاست کی طرف یہ میلان کچھ اس بنا پر نہیں کہ تدرباً کا تتبع ممتنع اور محال ہے بلکہ ارتقائے تمدن اور اشاعتِ علوم نے اس ضرورت کو محسوس کرا دیا ہے کہ علوم کو سہل الحصول بنانے کے لئے لٹریری مشکلات کو کم کرنا لازمی ہے۔

علاوہ بریں تہذیب و تمدن کی ترقی کے باعث چونکہ فی زمانناً آئے دن نت نئی ایجادات و اختراعات ہوتی رہتی ہیں اس لئے کم از کم ہر اس زبان میں جو کسی حکمران قوم کی زبان ہے ہزاروں اسماء اور اُن کے ضمن میں سینکڑوں افعال اور متعدد حروف کا اضافہ ہوتا رہتا ہے چنانچہ فارسی بھی اس اثر سے خالی نہ رہی اور اس طرح ہزاروں نئے الفاظ اور محاورات اس کے اندر پیدا ہو گئے۔

کثرتِ تداول اور امتدادِ ایام سے بعض الفاظ کے معنے اس طرح بدل گئے کہ قدیم و جدید معنی کے مابین نہایت درجہ تباین پایا جاتا ہے اس کا اندازہ اس طرح ہو سکتا ہے کہ فارسی کے متعدد الفاظ ہندوستان میں جس معنی پر بولے جاتے ہیں۔ ایران میں انہی الفاظ کا مقصود ہمارے مفہوم سے قطعاً مختلف ہوتا ہے۔ چنانچہ جدید فارسی میں ہندوستانی نیاز۔ محاورہ یعنی گفتگو کے

باہمی - دائی بمعنی ماموں - ماما بمعنی دائی - ناخوش بمعنی بیمار - شیر بمعنی ببر - صورت بمعنی کلہ - آشنائی بمعنی ابتدائی ملاقات وغیرہ وغیرہ سینکڑوں اس قبیل کے الفاظ موجود ہیں -

ماسوائے ازیں فارسی زبان کے انقلاب میں سیاسی حالات کو بھی بہت کچھ دخل ہے - شمالی ایران پر روس اور جنوبی ایران پہ برطانیہ کے تسلط کے باعث فارسی میں سینکڑوں بلکہ ہزاروں یورپین اور خارجی زبانوں کے الفاظ داخل ہو گئے - مگر بہ نسبت انگریزی کے فارسی میں فرانسیسی الفاظ کی آمیزش بہت زیادہ ہوئی - اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ اہل ایران فطرتاً یورپین اقوام میں فرانسیسی تہذیب و تمدن اور معاشرت کی طرف زیادہ مائل ہیں اس کے علاوہ انگریزی اور دیگر یورپین زبانوں کی بہ نسبت فرانسیسی زبان میں بہت زیادہ گھلاوٹ - شیرینی اور لوچ ہے اور یہی فارسی زبان کے خصائص ہیں - بنا بریں فرانسیسی زبان کے بیشتر الفاظ بغیر کسی تکلف اور سعی کے خود بخود فارسی میں جذب ہو گئے - غرضکہ ان حالات کے ماتحت فارسی زبان میں ایسا زبردست انقلاب ہوا کہ اس سے زیادہ نہیں ہو سکتا - یہ سب کچھ ہوا - فارسی زبان گویا ایک نئی زبان بن گئی اور اس نے اپنا کہنہ و فرسودہ عربی چغہ اتار کر متمدن دنیا کا جدید ترین لباس زیب بدن کیا لیکن ہندوستان کی فارسی پر اس انقلاب عظیم کا کوئی اثر مترتب نہ ہوا یا بالفاظ دیگر ہندوستان نے اس معاملہ میں بھی اپنی قدامت پرستی کے اصول کو ہاتھ سے نہ دیا نتیجہ یہ ہوا کہ آج جو فارسی ہم لکھتے پڑھتے اور بولتے ہیں وہ "تقویم پارینہ" کا حکم رکھتی ہے اور "نا ید بکار" کی مصداق ہے - کیونکہ بسا اوقات ایرانی اس کو نہیں سمجھتے یا کبھی کچھ کا کچھ مطلب سمجھ جاتے ہیں - وہ ہندوستانیوں کی فارسی تحریر و تقریر پر ہنستے اور اس کا مضحکہ اڑاتے ہیں - اور سچ یہ ہے کہ اس معاملہ میں وہ ایک حد تک حق بجانب بھی ہیں -

اگر یہیں پر انتہا ہو جاتی تو بھی خیریت تھی قیامت تو یہ ہے کہ ہم میں سے وہ افراد جو درسیات مروجہ کی تکمیل کر چکتے ہیں ایران کے کسی روزنامہ کی چار سطروں کا صحیح مطلب ادا نہیں کر سکتے - بیسویں صدی کی تصنیف کوئی کتاب ان کے سامنے آ جائے تو انہیں وہ ایک اجنبی زبان معلوم ہوتی ہے - اور با ایں ہمہ دانی اگر ظاہر میں نہیں تو کم از کم اپنے دل میں ضرور اپنی ہیچمدانی کا اعتراف کرنا پڑتا ہے -

غالباً اس کمی کو محسوس کرتے ہوئے ملک کے بعض فارسی لٹریچر کا ذوق اور اس سے مناسبت رکھنے والے علم دوست اصحاب نے جدید لغات و محاورات فارسی کے متعلق چند رسالے تالیف کئے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان کی سعی مشکور نہ ہوئی اور کیونکر ہوتی اس لئے کہ اوس سے پیاس نہیں بجھا کرتی۔

اوائل ۱۹۲۰ء میں میرے مرحوم دوست سردار ہرگوردیال سنگھ صاحب بی۔اے نے جنہیں فطری طور پر فارسی لٹریچر سے حد درجہ مناسبت اور محبت تھی اور اس میں کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ مجھے اس امر پر آمادہ کیا کہ جدید لغات و محاورات فارسی کا ایک ایسا مجموعہ مرتب کیا جائے جس سے موجودہ مشکلات کا استیصال ہو جائے۔ اس لئے کہ لغت کی مروجہ اور متداولہ کتب محض پرانے ہی لٹریچر کے سمجھنے میں مدد دے سکتی ہیں بیسویں صدی کی فارسی کے لئے ان کا وجود کالعدم یکسں ہے۔ چنانچہ چالیس ماہ کی مسلسل محنت کے بعد تقریباً چھ ہزار جدید لغات و محاورات فارسی کا یہ مجموعہ جو اس وقت آپ کے پیش نظر ہے مدون ہو گیا۔

میرا ارادہ تھا کہ لغات کی تعداد کو انتہائی وسعت دی جائے لیکن افسوس ہے کہ اس ارادہ کی تکمیل نہ ہو سکی کیونکہ ہندوستان میں اس قسم کی کوشش میں کامیابی کے وسائل نہایت ہی محدود ہیں پھر بھی میرا خیال ہے کہ اس قدر مواد کی فراہمی بھی میری خوش قسمتی اور حسن اتفاق کا نتیجہ ہے حسن اتفاق سے میری یہ مراد ہے کہ گذشتہ چند سال میں مجھے دارالسرور ریاست رامپور میں رہنے کا اتفاق ہوا اور چونکہ ریاست مذکور اہل عراق و عجم کے لئے ملجا و ماویٰ ہے۔ اس لئے مجھے لغات کی تدوین میں اہل زبان سے بے انتہا مدد ملی۔

اس موقعہ پر مجھے اس امر کا اظہار کر دینا بھی لازمی ہے کہ اس مجموعہ کی ترتیب میری واحد کوششوں کا نتیجہ نہیں بلکہ یہ تالیف ایک بڑی حد تک میرے فاضل ہمدرس اور محب قلبی مولانا میرزا ہادی علی بیگ صاحب وامق شادانی و مشفقی مولانا اسحٰق البتی صاحب برجیس علوی (علیگ)، اور محترمی سردار ہرگوردیال سنگھ صاحب شادانی بی۔اے۔ (رنگدی)

کی شرمندہ احسان ہے۔

اگرچہ اس مجموعہ کو مفید اور کارآمد بنانے کی انتہائی کوشش کی گئی ہے اور اُسے اغلاط سے پاک رکھنے کی ہر سعی ممکن عمل میں لائی گئی ہے لیکن چونکہ میں انسان ہوں اور سہو و خطا لازمۂ بشریت ہے۔ لہٰذا مجھے خود اعتراف ہے کہ اس میں اغلاط و اسقام کا احتمال و امکان ہے اور اس لیئے میں ہر جائز اصلاح اور مناسب صلاح کو ماننے کے لئے ہر وقت تیار ہوں۔

ایک فرانسیسی شاعر کا مقولہ ہے کہ جہاں اور مصنفین و مولفین کو اپنی جگر کاوی اور مساعی کے صلہ میں خراج تحسین کی توقع ہوتی ہے وہاں ایک مؤلف لغات کے لئے یہی بڑی خوش نصیبی ہے کہ وہ ہدف ملامت نہ بنے۔ لہٰذا اگر میں اپنی مساعی کا یہ نتیجہ پبلک کی خدمت میں پیش کرنے کے بعد لومۃ لائم سے محفوظ رہا تو میں سمجھوں گا کہ میں بڑا خوش قسمت ہوں۔ اور میری سعی مشکور ہوئی۔

خاک نشین۔ عندلیب شادانی

"ملاحظات لازمہ"

(ف)۔ فرانسیسی۔

(ی)۔ یورپین۔

(ت)۔ ترکی۔

(م)۔ مقامی۔

(ب)۔ بازاری یعنی سوقیانہ وعامیانہ زبان۔

(شیراز میں)۔ یعنے یہ محاورہ یا لفظ شیراز میں بولا جاتا ہے علیٰ ہذالقیاس "بصرہ میں"، "بغداد میں" وغیرہ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب الف ممدودہ

آ	حرف ندبہ ؛
آب آخرت	غسلِ میت ؛
آب انبار	پانی کا خزانہ۔ مینہ کا پانی جمع کرنے کا بنا ہوا یا ڈھکا ہوا خزانہ ؛
آباد	ایران میں معنی سرسبز استعمال ہوتا ہے ؛
آبادیِ حوالیِ شہر کمہ	شہر کے گرد کھیت بہت کم ہیں ؛
آب باز	غوطہ خور ؛
آب بازی کردن	بغرض تفریح نہانا ؛
آب بطری	سوڈا واٹر۔
آب جو	بیر یعنے جو کی شراب ؛
آب چاپیدہ	ٹھنڈا پانی ؛
آب چین	نہا کر اوڑھنے یا بدن خشک کرنے کا تولیہ ؛
آب جوش	سوڈا واٹر ؛

آبخست	جزیرہ ؛
آبخوار	مونچھوں کی لبیں ؛
آبخوری	ایک طرح کی لگام ؛
آب دار	واٹر بیرر یعنی پانی پلانیوالا ؛
آبدار باشی	کمسریٹ کا افسر ؛
آب دزدک	پچکاری ؛
آبدزدک دادن	پچکاری دینا۔ انجکشن کرنا ؛
آبدست	چست آستینوں کا پیروں تک کا جبہ پہلے اس کی آستینیں ڈھیلی ڈھالی ہوا کرتی تھیں۔ لبادہ کو بھی کہتے ہیں ؛
آب ریختن	ذلیل کرنا ؛
آب ریز	لوٹا۔ پرنالہ ؛
آب زیر پنیر	گھُستی ؛
آب زیر کاہ	گربہ مسکین۔ بگلا بھگت ؛
آبشان	ایک قسم کا خوشبودار پودا ؛
آب نشان بیک جُوب	نمبر دو۔ دو کبھی متحد نہیں ہو سکتے ؛

لفظ	معنی
آب آبشی	بادر رو۔
آبشین کردن	پھٹکنا۔ سلانا۔
آب کردن	پتہ لگانا۔ شکل بنانا۔ ہر چہ کہ بہ دزدی آب کردنش پائے منت۔ جو کچھ تو چرا کر لائے اسے نکلوا دینا (یعنی اُسے بکوا دینا) میرے ذمہ۔ یا۔ جو کچھ تو چوری کر کے لائے اس سے صاف بچانا میرے ذمہ۔
آب کشیدن	تر ہو جانا۔ بھیگ جانا۔
آبکی	(رقیق چیزیں رنگ یا چاشنی ہیں) ہلکی۔ سیال۔
این شیر آبکی است	اس دودھ میں پانی ملا ہوا ہے
آب گردان	بڑا چمچہ ہانڈی کے لئے۔
آب گرفتن	این مسئلہ خیلے آب مے گیرد۔ اس مسئلہ میں یا اس معاملہ میں بہت غور و خوض کی ضرورت ہے
آب گوشت	شوربا۔ یخنی۔
آب گیر	وہ شخص جو حمام میں نہانے کا پانی ٹب میں لاکر رکھتا ہے۔
آبلہ	چیچک۔
آبلہ کوبیدن	چیچک کا ٹیکہ لگانا۔
آبلہ کوبی کردن	چیچک کا ٹیکہ لگانا۔
آبلہ کورک	چیچک۔
آب مردہ	رُکا ہوا پانی (آب جاری کی ضد)
آب مروارید	موتیا بند۔
آب یزید	شراب۔
آتش کردن	آگ جلانا۔ فیر کرنا۔
آتش پا کردن	برافروختہ کرنا۔
آتش خانہ	میگزین۔ بندوق کا پیالہ۔
آتموسفور (ری)	کرۂ ہوا۔ ایٹماسفیر۔
آتیہ	آنے والا۔ آیندہ۔
آجیل	اخروٹ وغیرہ جو بیچ اوقات غذا کے درمیان کھاتے ہیں ٹھنگار
آجودان (رف)	ایڈ جوٹنٹ۔ اجیٹن۔ ایڈی کانگ
آجودان باشی	ایڈ جوٹنٹ جنرل۔ ہیڈ ایڈی کانگ
آجیل	"اجل" دیکھیے۔
آچار	پیچ کش۔
آخ و اوخ	ہائے وائے کرتی ہوئی نامرد۔
آخور	اصطبل میں مویشیوں کو گھاس دانہ وغیرہ ڈالنے کے لئے۔
آخورچی	گھوڑوں کو گھاس دانہ وغیرہ ڈالنے والا لڑکا اصطبل کا ملازم
آدرس	ایڈریس۔ سپاسنامہ۔ پتہ (خط کا) یہ لفظ بالعموم اخبارات میں استعمال ہوتا ہے۔

لفظ	معنی
آدیختہ دوختن	لڑھیانا - اور ماکرنا شلنگا دینا کچا کرنا۔
آرام	ساکن - بے موج - مردِ آرامی ست صلح پسند آدمی ہے۔
آرام! آرام!	چپو! چپو - خاموش!!
آرام کردن	اصلاح اُمور - تسکین دینا - جوش دیہما کرنا۔
آرداب	سہیلا (گھوڑے کی غذا) ارداده
آروق	(آروغ) ڈکار۔
آزمون	امتحان - آزمایش۔
آس	تاش کا اِکّا (کھیلنے کا ایرانی تاش)
آسک	ہاتھ کی چکّی۔
آس کردن	چکّی میں پیسنا۔
آسمان چفتہ چفتہ	ایک قسم کی چھوٹی سمندری مچھلی جس پر نیلے چمکدار دھبے ہوتے ہیں۔ جب آسمان پر کسی جگہ سفید بادل ہوں اور کہیں سے آسمان دکھلائی دیتا ہو تو تشبیہاً اس مچھلی سے ایسے آسمان کو کہتے ہیں
آسیا	ایشیا۔
آش انتظاری خوردن	مطلق کھانا نہ کھانا یا محض خیالی کھانا کھانا۔
آشپزخانہ	باورچی خانہ۔

لفظ	معنی
آشنائی	فارسی میں شناسائی یعنی ابتدائی دوستی کے معنی میں استعمال ہوتا ہے
آش ہر کاسہ	ایسا شخص جو بہت سے کاموں کی سطحی واقفیت رکھتا ہو۔ لیکن ماہر کسی فن کا نہ ہو۔
آش ہمہ آجیل	ہر بات میں دخل دینے والا۔
آغا	ایران میں عورت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
آغری تاغ	کوہِ ارارات۔
آغشقہ	ایسا دروازہ جس میں اوپر کے حصّہ میں شیشے لگے ہوں۔
آغل	مویشیوں کا باڑا۔
آغول	رات کو بھیڑیں بند کرنے کا باڑا۔
آفتاب پرست	سورج مکھی۔ سورج کو پوجنے والا
آفتاب خوردہ	دھوپ میں سکھایا ہوا گوشت یا مچھلی وغیرہ۔)
آفتاب سایہ	ایسی جگہ جہاں تھوڑی تھوڑی دھوپ بھی آتی ہے اور سایہ بھی ہو جس میں نئے اور نازک پودے پرورش پا سکیں۔
آفتاب گردان	سورج مکھی۔ ٹوپی کا چھجا یا وہ کپڑا جو آنکھوں پر سایہ رکھنے کیلئے استعمال کرتے ہیں چھوٹی چھتری جو میں اکثر استعمال کرتی ہیں چھوٹا سا خیمہ شامیانہ

لفظ	معنی
آفتابی نمودن	اعلانِ عام کرنا۔
آق پر	سفید پتی کی چینی چائے
آقا پر	سفید پتی کی چینی چائے
آقازادہ باشی	حوالدار نائک یا دفعدار
آگاسی	"صفحچہ" دیکھئے۔
آگیرہ	کوئی شے جس سے شعلہ اٹھ کھڑا ہو
آتش کردن	تبدیل کرنا۔
آشتہ دشتہ کردن	"ہشت و مشت کردن" دیکھئے۔
آلو	آلو بخارا۔ چیری۔ آڑو۔
آل و اشخال	"اشخال" دیکھئے
آلو بارقانی	سیاہ رنگ کا ترش آلو بخارا
آلو بالو	چیری۔ آلو بخارا۔ گہرے رنگ کا ترش شاہدانہ۔
آلہ پاچہ	ایسا گھوڑا جس کے چاروں پاؤں گھٹنوں سے نیچے سفید ہوں۔
آلۂ حفظ صوت یا آلۂ حبس صوت	(اخباری لفظ) فونوگراف
آلہ کرگنہ (ت)	ایک خونخوار پرندہ۔
آلہ کرنیہ (ت)	ایک خونخوار پرندہ۔
آمادہ	تیار۔ موجود۔ مہیا۔
آمادہ کردن	تیار یا مہیا کرنا۔
آوار	کھنڈرات۔ پہاڑ گرنا۔
آواز	سرود۔ نغمہ۔
آوازخوان	گویا (پیشہ ور)
آوخ جان!	اُدی!
آورد ہا (ب)	(بجائے الوارہا) رخسار کا وہ حصہ جس میں بڑھاپے میں گڑھے پڑ جاتے ہیں۔
آویزہ ہا	لٹکنے والے لیمپ۔
آہار	لیئی۔ کلف۔
آہار زدن	کلف دینا۔
آہن بخاری	بھٹی۔ چولھا۔ اسٹوو۔
آئینہ زانو	گھٹنا۔
ابدا	ہرگز۔
ابر	ابر مردہ۔ اسفنج یا اسپنج۔
ابرک	جھولا۔
ابرک خوردن	جھولا جھولنا۔
ابرو پاچہ پزی	گھنی موٹی بھنویں (بری صورت)
ابری	مسافر (صرف کشتی کا)
آبنیہ دولتی	پبلک بلڈنگ یعنی سرکاری یا پبلک عمارات
الواب الجمعی	افسری۔
الواب جمعی	وہ لوگ جو براہِ راست ایک افسر کی کمان میں ہوں۔
الوالعباس	بہت بڑا آلۂ تناسل
ابوالہول	ایک خیالی جانور جسکا چہرہ مثل عورت کے اور جسم مانند شیر کے ہے۔

آبونہ (ف)	سالانہ چندہ (کسی رسالہ وغیرہ کا)

باب الف مقصورہ

آپرا (ری)	اوپیرا یعنی گانا گانا۔
آپیکا	"جوہرقے" دیکھیے۔
آتازونی (ف)	ریاستہائے متحدہ امریکہ۔
آتانگی (ت)	ایک قسم کا باز۔
اُتو کردن	استری کرنا۔
آتوموبیل (ر)	موٹر۔
اجارہ	زمین کا محصول۔
اجارہ کار	زمین یا مکان وغیرہ کرایہ پر دینے والا۔
اجارہ نامہ	کرایہ نامہ۔
اجازہ گرفتن یا خواستن	چھٹی لینا یا مانگنا۔
اُجاق	چولہا۔
اجاق شان کور یا خاموش شد	ان کے نصیب سو گئے۔
اجزا	ممبران، اراکین۔
اجزائے اردو	"سپاہی لشکر" دیکھیے۔
اجودان	ایڈی کانگ۔
اجودان صدارت	وزیر اعظم کا ایڈی کانگ
اجیر کردن	مزدور کرنا۔

احیا کردن	این فقیر را احیا بکنید۔ اس غریب کو کچھ دے دو۔
آخ	آہ۔ ہائے۔
اخبار	اعلان۔
اخبار رسمی	سرکاری گزٹ۔
اُخت اُفتادن	بروقت واقع ہونا۔
اختلاط	گفتگو۔
اخرو کردن	منہ بنانا۔
اِخطار	نوٹس۔ نوٹ۔ اطلاع۔
اخم ریختن	تیوری چڑھانا۔
اِدارہ	محکمہ۔ آفس۔
اِدارۂ بلدیہ	میونسپلٹی۔
اِدارۂ تنظیفیہ	میونسپلٹی۔
اِدارہ دادن	انتظام کرنا۔
ادارہ قلمی	سول ڈپارٹمنٹ۔
ادارہ نظامی	ملٹری ڈیپارٹمنٹ یا فوجی محکمہ
اداے کسے را در آوردن	کسی کی نقل کرنا۔
ادوارد	ایڈورڈ (ابراہیم)
ادویہ	مصالحے۔
آرابچی	گاڑی بان۔
آرابہ	گاڑی۔
اراجیف گفتن	لغو بات کہنا۔

ارامنه	(ارمنی کی جمع) آرمینہ کا باشندہ۔	اروپا	یورپ۔
ارتور	آرتھر (اسم)	اروسی	کھڑکی جس میں روغنی آئینے لگے ہوتے ہیں اور جو ریل کی کھڑکی کی طرح نیچے یا اوپر کی طرف کھلتی ہے۔ فل سلیپر۔ پمپ
ارج	"ذرع" دیکھئے۔		
ارجوحه	بچوں کا ایک کھیل۔ جھولا جھولی۔ جھولا۔		
ارخالق	نیچے پہننے کا ایک لمبا کوٹ۔	ازپیش خود	خود بخود۔
اردک	بطخ۔	ازجادر رفتن	غصہ میں بھر جانا یا طیش آجانا زود از جادر نمی رود۔ وہ بردبار ہے
اردوزدن	چھاؤنی یا پڑاؤ ڈالنا۔		
ارسنال (ری)	توپ خانہ	ازچاپ افتادن	بکتے بکتے کتاب کا ختم ہوجانا۔
ارسی ساز	بڑھئی۔	ازخنده روده بر شدن	ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑجانا یا پیٹ دکھنے لگنا۔
ارغلی	پاڑا۔ سامر۔ چیتل جنگلی بھیڑ۔ نیل گا سُرخ۔	ازخواب پاکردن	سو کر اٹھ بیٹھنا۔
ارفالی	دو۔	ازخود	اپنی خوشی۔ خود بخود۔ تنہا۔
ارق و برق (رب)	بجائے زرق و برق۔	ازخود راضی	خود پسند۔
ارک	گڑھی گورنر کا محل۔	ازدرخت معلق کردن	درخت میں لٹکا کر پھانسی دینا۔
ارکاتی (رب)	بجائے "حرکاتی" بولتے ہیں۔	ازدست بوسی میل به پابوسی کردن	ترقی معکوس کرنا۔
ارگک لیک رت	کبک۔		
ارگ	ارگن باجہ۔ گڑھی۔ گورنر کا محل	ازدل گذرانیدن	یاد کرنا۔
ارگلی	"ارغلی" دیکھئے۔	ازراه و نیمه راه	راستہ بھر
ارمنستان	آرمینیہ۔	ازرو برداشتن	(تصویر کی) نقل اتارنا۔
اروار	کلّہ۔	ازرو نوشتن	(تحریر کی) نقل کرنا۔
اروب (رب)	کج۔ ٹیڑھا۔	ازسرما بیات شده	جاڑے میں اینٹھ گیا۔
اروب رفتن	ٹیڑھا چلنا جیسے شطرنج میں فیل۔	ازشادی پرزد	خوشی سے چلا اٹھا۔

لفظ	معنی
اندر قراریکہ	بموجب ۔ مطابق
ازگیل	ایک پھل دار درخت
ازمن کار ساختہ نمیشود حسن را نمیدانم	مجھ سے تو کچھ ہو نہیں سکتا حسن کی بابت میں کہہ نہیں سکتا۔
ازمیان افتادن	ذرین سواد چیزے ازمیان افتادہ است۔ اس کاپی نقل میں غلطی سے کچھ چھوٹ گیا ہے
اُزدُو	گونار کو کہتے ہیں۔
اُستا	پیش اُستا رفتہ است ۔ وہ بیت الخلا گیا ہے
اسباب بازیچہ	کھلونے۔
اسپانیول	اسپین۔ ہسپانیہ۔ اُندلس۔
اسپانیہ	
اسپ تخمی	نسل لینے کیلئے بغیر آختہ کیا ہوا گھوڑا
اسپ شرط	گھوڑ دوڑ کا گھوڑا۔
استاد	حمام کا مالک۔ یا مہتمم۔
استادگی کردن	مقابلہ کرنا۔
استاسیون	ریلوے اسٹیشن۔
استاتسک (ر)	حال ملک وغیرہ نقشہ کیفیت رعایا
استخوان از ہم باز کردن	جوڑ بند چٹخانا ۔ جسم کو توڑنا مڑوڑنا۔
استر	خچر
استسن	ریلوے اسٹیشن۔
استشہادنامہ	ڈپلومہ۔

لفظ	معنی
استقراض دولتی	سرکاری قرضہ یعنے جو گورنمنٹ قرض لیتی ہے۔
استکان	چائے کی چھوٹی پیالی دستہ دار گلاس۔
استلخ	تالاب۔
استنبول	قسطنطنیہ۔
استنطاق	فوجداری کی عدالت جرح
استنطاق کردن	جرح کرنا۔
استہلال نمودن	چاند دیکھنا۔
استیکان	"استکان" دیکھئے
استیناف (رت)	اپیل۔
اسکلہ (رف)	گھاٹ۔
اسکملہ	اسٹول۔
اسکناس	نوٹ (بنک کا یعنی روپیوں کا)
اسم از سرخود برداشتن	اگر کامیاب نشوم اسم از سرخود بر میدارم اگر کامیاب نہ ہوں تو اپنا نام بدل ڈالوں
اسم شب	پولیس ہر رات کے لیے ایک اسم مقرر کرتی ہے جس شخص کو رات کے معینہ وقت (تقریباً ۸ بجے) کے بعد گھر سے نکلنا ہو تو اسکو چاہیے کہ کوتوالی سے اسم شب حاصل کرے اور رستہ میں پہرہ داروں کو بتلانا چاہئے ورنہ صبح تک قید رہنا ہے۔ پرول۔

لفظ	معنی
اسم ورسم	نام۔ عزت۔
اسمی	برائے نام۔
اسنادِ بد بروی بندہ	اس پر تہمت لگاتا ہے۔
اشتخر (شیرازین)	بونا۔
اُشپل	مینڈک یا مچھلی کا انڈا۔
اشتباہ	مغالطہ۔ غلطی۔
اشتباہ کردید!	آپ کو دھوکا ہوا۔
اشتخال	کوڑا کرکٹ۔
اشغال	کوڑا کرکٹ۔
اشتقال	کوڑا کرکٹ۔
اشک کباب	چکنائی اور پانی کی بوندیں جو سیخ پر سینکتے وقت کباب سے گرتی جاتی ہیں۔
اصطخر	مصنوعی تالاب جس میں چشمہ سے پانی آتا ہے۔
اُطاق	کمرہ۔
اُطاقِ پذیرائی	ڈرائنگ روم یعنی ملاقات کا کمرہ۔
اطاق نشیمن	نشست کا کمرہ
اطاق بزرگ	سونے کا کمرہ
اطالیائی	اطالوی۔ اٹلی کا
اُطراق (یا اتراق)	کردن یا نمودن۔ کوچ یا سفر میں ٹھہر جانا
اُطریش	اسٹریا۔
اظہارنامہ	سمّن۔
اعتبارنامہ	سرٹیفکیٹ۔
اعتمادنامہ	بادشاہ کا خط بادشاہ کے نام
اعلان	اشتہار
اُغروق	خیمہ۔ کیمپ۔
اُغور	شگون۔ علامت۔
اُغور باشد!	(کربانئیں) دوست جو اتفاقاً راستہ میں مل جائے اس سے کہتے ہیں۔ گویا یہ جملہ آداب و تسلیمات یا "مزاج شریف" کا مرادف ہے۔
اَفزار	آلات۔ اوزار۔
افسانہ گو	دروغگو کے لئے ایک شائستہ اصطلاح
افشان	دو یا زیادہ دانتوں کا کانٹا گھاس الٹ پلٹ کرنے کے لئے۔ کھرچال
اَفشُرہ	آبشورہ۔
افلاطونی کردن با کسے	کسی پر زور یا دباؤ ڈالنا۔
اُفیقُقونہ	"جوہر قے" دیکھئے۔
اقامت شہود کردن	گواہ دینا۔
اکاکیا	ببول۔
اکت	ایکٹ۔

لفظ	معنی
اکسپوزیسیون (ی)	نمائش گاہ۔
اکواریوم	اکوئریم۔ جل گھر یا جل محل۔ پانی کا مکان خواہ حوض ہو یا بڑا تالاب یا چھوٹا سا شیشہ کا ظرف جس میں دریائی جانور پالتے ہیں اس ظرف یا مقام کو اکواریوم کہتے ہیں عام حوض وغیرہ کو نہیں کہتے۔
اکوسی	اسکاٹ لینڈ کا۔
اکول	اسکول۔
اگاسی	برساتی۔ گیلری
اگرچہ اینچہ	بالفرض۔
الاچیق	صحرانشین قبائل کا ٹاٹ وغیرہ سے چھایا ہوا خیمہ۔ ڈیرا۔ سرکی۔
آلارم	گجر۔ خطرہ کی اطلاع۔
اُلاغ	گدھا۔
آلامان	دھاوا۔
الآن	ابھی۔ فوراً۔ اب
اُلتاتم (ی)	الٹی میٹم۔
الجبر	الجبرا۔ جبر و مقابلہ۔
اُلجہ کردن	ڈاکہ مارنا۔ لوٹنا۔
الدنگ	اجنڈ۔ کن۔ ڈ نانزاش۔
اِلصاق	"ابلصاق" دیکھئے۔
الف داغ کشیدن	چناں بیرحمانہ چوب زد کہ دستم الف داغ کشید۔ ایسی بیدردی سے لکڑی ماری کہ میرے ہاتھ میں بدھی پڑ گئی۔
آلک	تار۔ کپڑے یا بالوں کی بنی ہوئی باریک چھلنی۔ ہانگی۔
الکتریسیتہ	بجلی۔ الکٹریسٹی
الکچی	چھلنی بیچنے والا۔
آلکُول	الکوہل۔
آلمان	ملک جرمن۔
آلنگو	کنچ کی چوڑی۔
آلو (ب)	الاؤ۔
آلوار یا الوار	کلہ۔ رخسار کا گڑھا۔
الوارش درگودی فرورفت	اس کے گالوں میں گڑھے پڑ گئے۔
آواط	بدمعاش۔ گنڈا۔
آلوزدن	آگ لگا دینا۔
آلواک	ہوا جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں۔
آلی صابات	(ملکہ) الزبتھ۔
امامزادہ	امام کا مقبرہ۔
امانت	پارسل۔ زر مرسلہ۔ ایمان۔
امانت یا امانتہ دادن	قرض دینا۔
اِمپراطور	شہنشاہ۔ قیصر۔ امپرر۔

امپراطریس	قیصرہ۔ ملکہ۔ امپرس۔
امپریال طلا	شہنشاہی سکے کی اشرفی۔
امتیاز	تمغہ۔ سرکاری ٹھیکہ۔ حق مخصوص جو سرکار کی طرف سے کسی چیز کے بنانے میں یا تیار کرنیکے متعلق عطا ہو
امتیاز نامہ	لائسنس۔
امثالِ لقمان	ایسپس فیبلس۔
امرائے درخانہ	تعلقدار۔ ملک التجار۔
امضا شدہ	دستخط شدہ۔
امضا یافتہ	مصدقہ بل وغیرہ جو پاس کیا جا چکا۔
امیرال (ری)	امیر البحر
امیر پنج	جرنیل جو پانچ ہزار کا کمان افسر ہو۔
امیر نظام	فوج کا سردار۔
امین خلوت	ملازمِ خاصِ خلوت یعنے شاہی چوبداروں کا افسر چیف گروم۔
امین لشکر	بخشی فوج۔ جنرل پے ماسٹر
انبار	اکیلی کوٹھڑی۔
آنبُر	موچنا۔ چمٹی دست پناہ
انتباہ	"اخطار" دیکھئے۔
انتشر	لنگور۔ بندر۔
انتیک (ف)	نادر۔ قدیم۔

اَسنجُرہ	بچھو کا پیڑ۔
اِنجن (ری)	انجن۔
اندرون	زنان خانہ۔
اندرون (ب)	بیوی۔
انگارۂ توپ	توپ کا ڈھانچ۔
انفلوئنزا	انفلوئنزا
انگارہ زدن	روشنائی یا پنسل سے خاکہ کھینچنا۔
انگارہ گرفتن	بلندی یا گہرائی وغیرہ کا ناپ لینا۔
انگشت در دست کسے بودن	کٹھ پتلی کی طرح کسی کے قبضہ میں ہونا۔
انگشت کردن	جانور کو برانگیختہ کرنا۔ پینٹا مارنا
این شیر خوابیدہ است انگشتش نہ کن	یہ شیر سویا ہوا ہے اس کو نہ چھیڑو۔
انگشتش کردند تا این کار را کرد	لوگوں نے اُسے مجبور کیا تو اس نے یہ کام کیا۔
انگلیز	انگریز۔
انگلیسی	انگریزی۔ انگریز۔
انگور عسکری	انگور بیدانہ
انورس	(قلعہ) اینٹورپ
آوُر (ب)	باقی۔
اِو اللہ آوَرد (م)	یین ہارا
اُوبہ	قریہ
اوپال (ری)	دُودھیا پتھر۔

اُورپین — کمند۔
اَورک — "ارجحہ" دیکھئے۔
اَوستریا — آسٹریا
اَوسی — "افشاں" دیکھئے۔
اَوشبین — "آبشین" دیکھئے۔
اوضاعِ زندگی — فرنیچر
اوقات تلخ شدن — برہم ہونا۔ بگڑنا۔ جھلانا۔ رنجیدہ ہونا۔
اَولہ (ب) — چیچک۔
آدُرم — بیلن۔ لکڑی جو گاؤں والے کاندھے پر رکھ لیتے ہیں اور اس کے دوسرے سرے میں ان کی کپڑے کی گٹھڑی یا کمبل چادر وغیرہ آویزاں ہوتی ہے۔
اہلِ ظلمہ — حکام لوگ۔
اہلِ قلم — سویلین۔ سول آفیسر
اہلِ مجار — ہنگری کے باشندے۔
ایراد گرفتن — اعتراض کرنا۔
ایساپ (ی) — لقمان۔
ایست کردن — "اطراق نمودن" دیکھئے۔
ایستگاہ — (اخباری لفظ) ریلوے اسٹیشن۔
ایشک آقاسی — میر حاجب۔ ناظر دربان۔
ایشک آقاسی باشی — لارڈ چیمبرلین۔ ناظر دربار شاہی
ناظر دیوان خانہ
ایلات یا ایلیات — (جمع ایل) قبائل صحرا نشین۔
ایلچی کبیر — روس۔ ترکی۔ فرانس۔ برطانیہ ان چاروں سلطنتوں کے ایلچی ایلچی کبیر کہلاتے ہیں۔
ایلخانی — گورنر قزوین۔
ایلغی — نسل لینے کے لئے بغیر آختہ کیا ہوا گھوڑا۔ گھڑسال۔
ایلصاق — ریل کا جنکشن۔ دریا کا سنگم۔
این راباش! — ذرا یہ دیکھنا!
این سر آن سر — اِدھر اُدھر۔
ایوان — برساتی۔ "تالار" کے اوپر کی پٹی ہوئی عمارت۔
ایودین (ی) — آیوڈن۔
ایہہ! — کلمہ تنبیہہ۔

ب

بآب زدن — دریا وغیرہ سے پار ہونا۔ پایاب گذرنا۔ پانی میں کود پڑنا۔
بآب نمک خوابانیدن — گوشت کو محفوظ رکھنے کے لئے اس میں نمک لگانا۔
بآب و آتش کشیدن — برباد کرنا۔
با اہلبیت — بال بچوں سمیت۔

باب	این قسم باب شما است۔ یہ قسم آپ کے مطلب کی ہے۔ این مردک باب من است۔ یہ مردک میرا نوکر ہے۔
باب	گورنمنٹ۔
بابا	بٹوا۔ بچوا۔ (بچوں کے لئے پیار کی اصطلاح)
باباقوری	سنگِ سلیمانی۔ آنکھ کا ٹینٹ۔
باب دست	جو ہاتھ سے سنبھل سکے یا قابو میں رہ سکے۔
باب دندان	چبانے کے قابل۔
باجاقلو	ایک سونے کا سکہ۔ ولندیزی ڈالر۔
باجُغلی (ی)	سونے کا ایک سکہ جو قیمت میں تقریباً ایک تومان کے برابر ہوتا ہے۔
باجی (رت)	بہن۔
باد	جھولا۔
بادبان	کھڑکی بند کرنے کا کاغذ یا پردہ جو پہلے بجائے شیشوں کے لگاتے تھے تاکہ روشنی بھی رہے اور ہوا بھی نہ آئے
بادبادک	پتنگ۔ کنکوا۔ گڈی۔
بادبزن	پنکھا۔ فرشی پنکھا۔
باد تو پوست کسے کردن	چاپلوسی سے کسی کو محظوظ کرنا۔

بادِ خروسگ	گوز۔
باد خورک	ابابیل
باد دادن	جھلانا۔ جھونکا دینا۔
باد زیر بغلش انداختہ میرفت	وہ اکڑتا ہوا یا لاف زنی کرتا ہوا جا رہا تھا۔
باد زیر بغلش داد	چاپلوسی کرکے اُسے خوب اُلو بنایا
بادِ فیچک	ابابیل۔
باد کردن	گلویش باد کردہ است۔ اس کا گلا پھول گیا ہے۔
باد کردن	مغرور ہونا۔
بادکوبہ	باکو (قفقاز کا ایک مشہور شہر)
بادگیر	اونچا سا گنبد ہوا کے لئے ایک قسم کا روشندان۔
بادنجان دورِ قاب	تھالی کا بیگن۔
بادنجان فرنگی	ٹماٹر۔ ایک قسم کی ترکاری۔
بادُو	شیخی خورا۔ دونگی لینے والا
باد و نفس داشتن	مغرور ہونا۔
باران بار	بارش کا ملک۔
بار انداز	پشتہ۔
باران طلبک	ایک چوٹی دار چڑیا۔ ٹیڑھی۔
بارانِ گندہ بہار	ابر نیسان۔
بارانی	برساتی۔ بارش میں پہننے کا لبادہ
بارخانہ	گودام

لفظ	معنی
بارکش	جھکڑا۔ لدّو جانور۔
بارفتن (ر)	غیر شفاف۔ اس طرح رنگین ہندلا شیشہ جسکے لیمپ کے گلوب بنائے جاتے ہیں۔ رنگین شیشہ کے برتن
بارفروش	تھوک فروش۔
بارُو	فصیل شہر یا قلعہ۔ دُھس۔
بارون	باران کا تلفظ بارون کرتے ہیں۔
بارہ	"بارو" دیکھیے۔
باربچہ (م)	ہینگ۔
باریز	پیرس۔
باریک روی	کفایت شعاری۔
باریکہ	تنگ راستہ۔
بازار زدن	نفع اُٹھانا۔
بازار عام	میلہ۔
بازاری شدہ	استعمالی۔ پرانا۔
بازان	بیزن۔ (نام مقام)
بازدید رفتن (ر)	جو لوگ ملاقات کو آئیں ان سے ملنے کے لیئے اُنکے مکان پر جانا
بازو دادن	مدد کرنا۔
بازوری (رت)	ایک خون خوار پرند۔
بازیچہ	ایک کھلونا۔
بازی درآوردن	اکٹر کا پارٹ کرنا۔
بازی گوش	کھلاڑ۔ شریر۔

لفظ	معنی
بازی موش (مثا)	کھلاڑ۔ شریر۔
باسان (رت)	بیج دہن سے اکھیڑ دینے والا۔
باستیان (ری)	مورچہ قلعہ کا برج۔
باش !	سنو !
باش ابجق (ر)	سر برہنہ۔ ایک قوم کا نام جو زن و مرد کھلے سر رہتے ہیں۔
باشاہ ہم فالوده نمے خورد (ر)	وہ اس قدر مغرور ہے کہ کسی سے نہیں ملتا۔
باش جنگلی	داروغہ جنگلات
باش چاؤش	سارجنٹ میجر۔
باش قنات (ر)	زندہ چڑیا جو باز کے پنجوں میں دے دی جاتی ہے۔
باش لُق (رت)	باز کا کنٹوب۔
باطالیون (ری)	پلٹن۔
باطری (ری)	بیٹری۔
باطلاق (رت)	کیچڑ۔ دلدل۔
باغ دولتی	پبلک گارڈن یا پبلک پارک۔
باغ زمستانی یا باغ سرپوشیدہ (ر)	اُوپر سے پاٹا ہوا مسقف پوشش مکان جس میں نازک پودے موسم کی سختی سے محفوظ رکھنے کیلئے رہتے ہیں
باغ سبزکاری	ترکاریوں کا باغ۔
باغ مشجری	درختوں کا باغ۔
باغ نباتات	بوٹیوں یا ترکاریوں کا باغ۔

باغ وحش	چڑیا خانہ۔
باقلہ	پختہ ناج کے پودوں کا پولہ
باقری قرہ (دتہ)	جنگلی مرغ۔ جھیل۔ جوہڑ۔
باقسم و آیا	قسمیہ۔
باقلہ (ب)	تسبیح کا دانہ
باقلہ خوردن	او باقلہ خوردہ است۔ وہ احمق ہے۔
باکسے بودن	کسی کی طرف متوجہ ہونا۔ کسی سے مخاطب ہونا۔ آقا من باشید! سرکار! میری سنئے۔ آیا با من بودید؟ کیا آپ مجھ سے کہہ رہے تھے۔
بال۔ بالہ	ایک طرح کا انگریزی ناچ رقص بے تکلم۔ بال
بالابان	بڑا ڈھول۔ بڑا طنبورہ۔ ایک قسم کا باز
بالاپوش	اوور کوٹ۔ کمبل۔ لحاف۔ رضائی۔
بالاتر از سیاہ رنگی نیست	بد قسمتی سے بڑھ کر کیا ہے؟
بالائیدن	ملانا۔
بالشتک	بن گوشن یعنی آلپین رکھنے کا چھوٹا سا گدیلہ۔
بالکی (ی)	سنجارچہ۔ مہتابی۔
بال ماہی	ویل مچھلی کا پر۔
بالون (ی)	غبارہ۔ بیلون۔

بالین	تکیہ۔
بامیل چیدن	کروشیا یا سلائی سے بننا۔
بانک (ی)	بنک۔
بانگ قدم زدن	تیزی سے چلنا۔
بانگ زدن بر کسے	چلانا۔ خفا ہونا۔
باہ باہ	واہ وا۔ شاباش۔ مرحبا۔
بایر	بنجر زمین۔
بایہ گوش	ایک قسم کا چھوٹا الّو
ببر زدن	جہاز کا ذرا سی دیر کے کسی بندر پر ٹھہر جانا۔
ببی	بچہ۔
بپا!	ہٹو! بچو! پوئیشا۔
بپائے خود	آپ ہی آپ۔ اپنی خوشی۔
بپف و باد رفتن	اکڑ کر چلنا۔
بتادی	بٹیو یا کا۔
بجا آوردن	پہچاننا۔ سمجھنا۔ در نظر اول جناب عالی را بعوض کسے دیگر بجا آوردم۔ پہلی نظر میں مجھے آپ پر کسی اور کا دھوکا ہوا۔
بجر انداختن	برافروختہ کرنا۔
بجور	اورا بجور بیار۔ اسکو ڈھونڈھ کر لا
بچاک قبا خوردن	آنچہ گفتم بچاک قبایش نخورد جو کچھ میں نے کہا وہ اس سے مطلق محفوظ نہ ہوا۔

بچراغ رسیدن	دولت پانا۔
بچوک	بچہ۔ بچوا۔ (پیار اور تصغیر کی اصطلاح)
بچہ باز	مُغلم
بچہ گردان	کھلائی۔ انّا۔ دایہ
بچہ ہا!	کوئی ہے!
بچہ ہُوبُرہ	"چاخروق" دیکھئے۔
بچیچے خوردن	کسی چیز سے ٹکرا جانا۔
بحبوحۂ شہر	قلب شہر۔ وسط شہر۔
بحد تکلیف رسیدن	سنِ بلوغ یا تمیز کو پہنچنا۔
بحر القلزم	بحر کریمیا۔ بحر ازو۔
بحر زفت	بحر مردہ۔
بحر لُوط	بحر مردہ۔
بحیرہ	چھوٹی جھیل یا تالاب کو بھی کہتے ہیں۔
بخار در کردن	اسٹیم نکالنا۔
بخاری	آتشدان۔
بخاری فرنگی	"آہن بخاری" دیکھئے۔
بخاریہ	انجن
بُخالت	کنجوسی۔
بخت بستہ بودن	تقدیر خلاف ہونا۔
بختک در خواب آمدن	رات کو خواب میں بری بری صورتیں نظر پڑنا۔

بُخچہ	بیڑی۔
بخود خریدن	کسی ایسی بات کا اپنے سے منسوب کرنا جو اپنی ذات سے متعلق ہیں۔
بُخچُولُو	بیڑی۔
بخودی خود	اپنے آپ۔
بد اُخشت (ب)	بد مزاج آدمی۔
بد اُغُر	نامبارک
بد بار آوردن	بچہ کا برا اٹھان اٹھانا
بد بِدرہ	لے مار۔
بد بَدہ	بلدرچین میگو یار بد بدہ (بد بدا ست) بیٹر کہتی ہے بُرا کام بُرا ہوتا ہے یا بُرائی باقی رہتی ہے۔
بد در آمدہ	بُرا اٹھایا ہوا۔
بد دہن	بد زبان۔
بدرد خوردن	کام میں آنا۔
بد رفتاری کردن	بد سلوکی کرنا۔
بدرقہ کردن	مشایعت کرنا۔
بد رگ	کمینہ۔
بد شیر	بچہ جس نے کسی نیچ قوم کی انّا کا دودھ پیا ہو۔
بد فہمیدن	مطلبم را بد فہمیدید؟ آپ میرا مطلب غلط سمجھے۔
بد گِل	بد صورت۔

لفظ	معنی
بدل	این مروارید اصل است نہ بدل این موتی اصلی ہے۔ نہ کہ نقلی۔
بدماغ خوردن	حرفم بدماغش خورد۔ میری باتیں اُسے سخت ناگوار ہوئیں۔
بدہ بستان	لین دین۔ خرید فروخت
بدہ	قرض۔
بدہ داشتن	مقروض ہونا۔ من بشمادہ تومان بدہے دارم یا بدہ کارم۔ مجھ پر آپ کے دس تومان آتے ہیں۔
برآمدن	ظاہر ہونا۔
برآب گفتن	جلدی جواب دینا۔
برآمدگی	گلٹی
برآمدگی دماغ	ناک کا بانسا
برابر	گُنا۔ دو برابر۔ دوگُنا۔
برادرِ بطنی	جن کی ماں ایک اور باپ علیحدہ ہوں
برادر بلبل	بلبل کی طرح کی ایک گانیوالی چڑیا
برازندہ	شاندار۔ سجیلا۔
برازیدن	پھبنا۔ زیب دینا۔
براق شدن	بلی۔ بھیڑیے اور ببر کا پھول جانا
براقی	ریشمین کپڑے کی اچمک یا جھلک
براندی (ی)	ایک قسم کی شراب۔ برانڈی۔
بربری	بربر کا باشندہ۔ وحشی۔ ناشائستہ

لفظ	معنی
بربریت	وحشت ناشائستگی۔ جہالت۔
برجستہ	نکلا ہوا۔ اُبھروان۔ اُبھرا ہوا۔
برخوردن	ملنا۔ دفعتہً مل جانا۔
برداشت رم	بیان۔ اظہار۔
بُرد و باختت	جنگ برد و باختے کردند۔ فیصلہ کن جنگ کی۔
بُرز	"بُرز" دیکھئے۔
برزخ	خاکنائے۔
برشیرہ مالیدن	ٹھگنا۔ اُلو بنانا۔
بُرش	وضع قطع۔ تراش خراش برش فرانسوی۔ فرنچ کٹ۔
برصحرا نہادن	ظاہر کرنا۔
برطاق نہادن	ترک کرنا۔ بھول جانا۔
برف	پالا۔
برق برق زدن	جگمگ جگمگ کرنا۔
برق ربا	وہ چیز جس میں سے بجلی کی لہر گذر سکے کنڈکٹر۔
برک	ایک قسم کا موٹا اونی کپڑا۔ ابرا۔
برکوفتن	پائے خود را برکوفت و زمین خورد اُس نے ٹھوکر کھائی اور گر پڑا۔
برگ کردن	پیڑ میں پتیاں پھوٹنا
برلنگ زدن	بھاگنا۔
برلیان (ی)	زرق برق۔ کنول بنائے ہوئے

	پہلو تراش۔ بہرے۔ نیز کنوں کی شکل کا
برمالیدن برمال زدن یا کردن	بھاگنا۔ آستین۔ یا پائنچے چڑھانا۔
برمجیدن	ہاتھ سے کسی عضو کو ملنا۔
برناخن ایستادن	فرمانبرداری کرنا۔ ادب سے کھڑا ہونا۔
برندہ	آب این رود خانہ خیلے برندہ است اس دریا کا پانی نہایت ہاضم ہے
برنز	برنج - پیتل۔
برو برو	در ایام برو برو او۔ اس کی بنی کے زمانہ میں۔
بروجرام	پروگرام۔
بروزات	انکشافات۔
بروز دادن	ظاہر کر دینا۔ آشکار کرنا۔
بروکسل	بروسلز پایۂ تخت بلجیم۔
بروے کسے ایستادن	اے دخترک برروے من می ایستی! لڑکی! تو میرے منہ آتی ہے۔ یا مجھے جواب دیتی ہے۔
برویم کہ بریم	اچھا اب ہمیں جانے دیجئے۔
برۂ دو مادرہ	دو ماؤں کا میمنا یعنی جسے دوگنی مقدار میں دودھ ملتا ہے مجازاً خوش قسمت۔
برۂ شیر مست	بکری کا دودھ پیتا بچہ
برہ گرفتن	عاجز سمجھنا۔
برہم نہادن	(آنکھیں) بند کرنا۔

برئی	بریت - بچت - پناہ۔
بریانی	قیمہ۔
بریخ سریدن	ایک قسم کا لکڑی کا جوتہ پہنکر برف پر پھسلنا۔
بریدہ	معین - طے شدہ۔
بریم	برویم کے بجائے بریم بولتے ہیں۔
بری گردانیدن	الٹ دینا - اوندھا کر دینا۔
بز پیش آہنگ	وہ بھیڑ جس کے گلے میں گھنٹی بندھی ہوتی ہے اور وہ گلہ کے آگے آگے چلتی ہے اور باقی بھیڑیں اس کے پیچھے آتی ہیں۔
بزنگہ	نوک۔
بز پاسنگ	پہاڑی بکری۔
بز دوش	چھپکلی کی قسم کا ایک جانور۔
بزرگ کشیدن	بہت کھانا۔
بز قندی	بکرا جو مداری لئے پھرتے ہیں اسکی داڑھی بالعموم سرخ رنگی ہوتی ہے
بزمو	پہاڑی بکری کے موٹے لمبے بال جس کے بورے اور رسیاں بنتی ہیں۔
بزمین رشوت دادن	کھاد دینا۔
بزن بہادر	بدمعاش - اوباش - گنڈا۔
بزن گاہ	موقع۔
بز نورست	پرندہ کا بچہ جو گھونسلے میں ہو۔

لفظ	معنی
بساطِ کتاب	بک اسٹال یعنی کتابوں کی اس قسم کی دُکان جیسی بالعموم اسٹیشنوں پر ہوتی ہے۔
بسان رت	"باسان" دیکھئے۔
بست	بیٹھی۔ جائے پناہ۔ پاک جگہ جہاں کسی کو قتل کرنا یا مارنا جائز نہ ہو شرفا کے طویلے انکے اپنے ملازموں اور انکی احباب کے ملازموں کیلئے جائے پناہ ہیں اور بادشاہ کے طویلے سب کیلئے۔
بست نشستن	پناہ گزین ہونا۔
بست و بند کردن	باندھنا۔ پیک کرنا۔
بستنی	(لیموں نارنگی آم وغیرہ کا) برف
بستہ	پارسل۔ بنڈل۔ پیکٹ۔
بستہ بند	پیک کرنیوالے۔ باندھنے والا۔
بسرِ تیر آوردن	گھات میں منتظر رہنا تا آنکہ شکار زد پر آجائے۔
بسرِ خود باز آمدن	اپنے آپ میں آنا۔
بسرِ وقتِ کسے رفتن	ہیچ وقت بسرِ وقت مانمی آئی کیا ہم سے ملنے کبھی نہ آؤ گے۔
بسط	شمار کنندہ۔
بسکات	بسکٹ (واحد نہیں بولا جاتا)
بستقاق واداشتن	گھات میں چھپا کر بٹھلانا۔
بسلام نشستن	فردا بسلام می نشیند کل (بادشاہ) دربار کریگا

لفظ	معنی
بسلانیدن	توڑنا۔
بسوئم	"بستانم" کے بجائے بولتے ہیں
بشارت	اس انعام کو بھی کہتے ہیں جو خوشخبری لانے والے کو دیا جاتا ہے۔
بشخانیدن یا بشخودن	ناخن سے چھیلنا۔
بشقاب	چھوٹی پلیٹ۔ تھالی۔ رکابی۔
بشکن زدن	تال دینا۔
بطاطہ	آلو۔
بطاقِ ابروئے کسے خوردن	کسی کا جام صحت پینا۔
بطالت	تعطیل۔
بُطری یا بُطری	بوتل۔ شیشہ۔
بُطلی	بوتل۔
بطناب انداختن	پھانسی دینا۔
بطور امانت دادن	قرض یا مستعار دینا۔
بطہران طلبیدن	موقوف یا برخاست کر دینا۔
بع بع	"مرمر" دیکھئے۔
بعید العہد شدن	بعید العہد شدۂ تم تو بالکل اجنبی ہو گئے (تم تو عید کا چاند ہو گئے ہیں) تمہیں بہت دن کے بعد دیکھا۔
بغتتاً	دفعتہ۔ یک بیک۔
بغ بغ	سور کی آواز۔
بُغدا	چاپڑ۔ قصاب کی قیمہ کوٹنے کی چھری

بغداساختن وزدن	خوب ڈٹ کر کھانا۔
بغنل	خچر۔
بغل طاق	بندوق لے جانے اور کپڑے محفوظ رکھنے کی پیٹی۔
بغل کردن	لپٹ جانا۔
بغلہ	ایک بادبانی مستول کا جہاز۔ چو بغلہ۔
بغل مہیب	ڈھالو زمین کرارا۔
بغلی	چپٹی بوتل۔
بغتره [?]	(بصرہ اور بغداد میں "طبلہ" دیکھئے۔
بقدر راست دروغ میزنم	جیسے دام ویسے کام۔
بقسماط	بسکٹ (واحد نہیں بولا جاتا)
بقصد پشت خوابید	چت گر پڑا۔
بکار خوردن	کام میں آنا۔
بکس (ری)	صندوق۔
بکوچہ حسن پا [illegible] پیچادن یا رفتن	پیچ کر نکل جانا۔ اومرا دید بکوچہ حسن چپ زد۔ اسنے مجھے دیکھا اور بچکر یا کترا کر نکل گیا۔ او خود را بکوچہ حسن چپ می زند۔ وہ انجان بنتا ہے۔
بگارہ	سامان لادنے کی کشتی۔

بگچ گرفتن	زندہ دیوار میں چنوا دینا۔
بگارہ	خنجر۔ بغدہ۔
بگذار بباشد	اس سے مت بولو۔ اسے نہ چھیڑو۔
بگردن آمدن	ذمہ واجب ہونا۔
بگرس	دو رخی بناتات۔
بگم	بگویم کا تلفظ بگم کرتے ہیں۔
بگوشہ گفتن	کنایہ یا رمز میں بات کہنا۔
بل یا	بچھڑ (لڑکے) کی پیشاب گاہ۔
بلبل	بیا بلبلت را بوسم۔ ایک پیار کا جملہ
بلاد ارمن	آرمینیہ۔
بلا فاصلہ از پیغمبری آید	براہ راست اولاد پیغمبر ہے۔
بلبل خرما	عام بلبل کو بلبل خرما بھی کہتے ہیں۔
بلبلش میخواند	اس کا طوطی بول رہا ہے۔
بلبلی	"بل" دیکھئے۔
بلجبیک	بلجیم۔
بلچاق	قبضہ شمشیر۔
بلدرچین (رت)	بھیڑ۔ پودنہ
بلدی کردن	رہنمائی کرنا۔
بلژیک	بلجیم۔
بلعیدن	نگل جانا۔ ہڑپ کر جانا۔
بلغار	خوشبو میں بسا ہوا چمڑا۔ بلغاریہ۔ نمدہ وغیرہ جو جوتہ صاف کرنے

لفظ	معنی
	کے لئے دروازہ میں چھپا رہتا ہے
بُلغور (ت)	دلیا۔
بلغور کردن	بچہ کا آغون آغون کرنا۔ تتلائی زبان سے ایک دو حرف ادا کرنا۔
	چہ زبان بلغور سے کنی۔ کیا جھک جھک کرتا ہے۔
بلکہ	شاید۔ یا ضرور
بلگہ (م)	مال مسروقہ یا نشان جس سے چوری کا پتہ لگ جائے۔
بلند شدن	کھڑا ہونا۔
بُلوطخور	نیل کنٹھ۔
بُلوک	ضلع۔
بلوک گردی کردن	حاکم کا اپنے حلقہ میں دورہ کرنا۔
بلورِ بے جیوہ	آئینہ بے قلعی کا۔
بلور ساختہ	کنچ۔ شیشہ۔
بلور معدنی	اصلی بلور۔
بلیت (ف)	ریل وغیرہ کا ٹکٹ
بلیرد بازی	ایک انگریزی کھیل۔ بلیرڈ
بُلیوز (ت)	بابیوس۔ قونصل۔ قونصل جنرل
بمباسی	ممباسہ واقع افریقہ کا باشندہ
بُمبو	نل جو باہر نکلا ہوا ہو۔
بُمبوقی	بھاڑ پر مال لادنے یا اتارنے والا قلی

لفظ	معنی
بنّائی	معماری۔
بنائے سر تیز	نوکدار مخروطی شکل کا مینار
بنائے کار گذاشتن	کام میں لگ جانا۔ کام شروع کر دینا۔
بنائے کجا دارید؟	کہاں کا ارادہ ہے۔
بنت الجبل	صدائے بازگشت
بند	رِم۔ ۲۰ دستے (کاغذ کے)
بند انداز	وہ پیشہ ور عورت جو عورتوں کی پیشانی کے اوپر اور کنپٹی کے وہ بال جو بہت چھوٹے ہونیکی وجہ سے چوٹی کے ساتھ گوندھے نہیں جاسکتے اکھیڑتی ہے۔ مشاطہ۔
بند باز	نٹ۔
بندِ دست	کلائی۔ ساعد۔
بندِ رومی	زنجیرہ۔
بندق شکستن	بوسہ دینا۔
بندقہ	گولی۔
بند گردان	بند ترجیع۔
بند گاو	چند بند گاو زراعت دارید؟
بندِ گل	پھولوں کا کنٹھا۔
بندہ منزل	غریب خانہ
بنفشہ	بالعموم حبشی لونڈی کا نام ہوتا ہے۔
بن کاویدن	عاقبت اندیشی۔

بُنگاہ	ترکمانوں کا جھونپڑا۔
بَکن (ی)	کیلا۔
بنہ	سامان۔ اسباب۔ جھاڑی۔
بنہار افتادن	صبح کا کھانا کھانا۔
بنی اسرائیل می آید	بدمعاش یا لُچا آ رہا ہے۔
بُنیہ	زور۔ طاقت۔ جُثہ۔
بُوبُو	آنکھ کی پتلی۔
بوتری	بوتل۔
بُوتہ	(بُتہ تلفظ کیا جاتا ہے) بوٹہ جھاڑی
بوتہ بخود	خودرو جھاڑی۔
بوتہ قہر و آتشی	چھوئی موئی کا پودا۔
بُوجی	بہت چھوٹی نسل کا کتا یا اور کوئی جانور۔
بوج	کاگ۔
بوچ	کاگ۔
بوچ کش	اسکرو۔ کاگ یا ڈاٹ نکالنے کا پیچ۔
بُوخار	انجن۔
بُودادن	(کسی قسم کا) اناج بھوننا۔
بُودجار (ی)	بجٹ۔
بُودِنہ	بٹیر۔
بُوران	طوفانِ برف باری۔
بورس	صراف خانہ
بورہ زدن	بیل کا "ماں ماں" کرنا یعنے ڈکرانا۔
بُوغاز یا بُغاز	آبنائے، دریا کے دہانہ کا چوڑا حصہ۔
بوغاز دریائے سیاہ	درۂ دانیال۔
بُوف	اُلّو۔
بُوفہ	"بیف" دیکھئے۔
بوق زدن	ٹپر بوٹ دینا۔ دیوالیہ ہوجانا۔
بوقلموں	پیرو۔ فیل مرغ۔ گرگٹ۔
بوکینگام	(قیصر) بکنگھم (انگلستان کا ایک مشہور شاہی محل)
بُول	"بُل" دیکھئے۔
بولیتن	خبر۔ کوائف حالات۔ سرگذشت۔
بوم بارد	گولہ باری۔
بُومی	ہموطن۔ دیسی۔
بہ	بہی۔
بہار	نارنگی کے پھول۔
بَہ بَہ	(بجائے بہ بہ) مرحبا! واہ وا!
بَہلہ	باز پالنے والوں کا دستانہ
بہ لیمو	سنترہ اور لیموں کا شربت بغیر قوام کیا ہوا۔
بہم خوردن	ٹکرا جانا۔
بے آبروئی	بے حیائی۔
بیات	ٹھٹھرا ہوا۔

لفظ	معنی
بسیارہ	کیاری۔ بیل۔
بے امضاء	گمنام (خط وغیرہ)
بی بی رب	دادی یا نانی کو کہتے ہیں۔
بی بی متو یا موتو	جسطرح ہندوستان میں "میاں مٹھو" اور "بی بی مینا" کہتے ہیں۔
بیت الماء	پاخانہ
بے تعارفی	کج خلقی۔ بے تکلفی۔
بیتوتہ کردن	رات بسر کرنا۔
بیحرف	فوراً۔ بے چون وچرا۔ بیشک۔
بیخ	از بیخ دم ندارد۔ سرے سے دم ہے ہی نہیں۔
بیخ دمش سست است	اس پر آسانی سے اثر پڑ سکتا ہے وہ بڑا بزدل ہے۔
بیخ قد	کمر۔ بیخ۔ قدش راگرفتم وداشتم داشتم۔ میں نے اس کی کمر پکڑ لی اور اس کو روک لیا۔
بیخ کش	جنگھا سا۔
بیخ گلو بستن	ایں سکہ را بیخ گلویش بستم میں نے یہ (کھوٹا) سکہ اسکے سر منڈھ دیا یا چیپ دیا۔
بیخود	(چناں گفتن بیخود است) ایسا کہنا لغو ہے۔ (خواہ مخواہ بیکار۔

لفظ	معنی
بیداد کردن	او خیلے بیداد مے کند۔ وہ بڑا مبالغہ کرتا ہے۔
بیدار خوردہ	کیڑے کا کھایا ہوا۔ (اونی کپڑا)
بید ماغ	جھلا بھنا۔ غمگین۔
بید ماغ شدن	(کسی بات پر) کھسیا جانا۔
بیر (ری)	جو کی شراب۔
بیرق خوابانیدن	جھنڈا سرنگون کرنا۔ بھاگ جانا۔
بیرون مامیکنی	ہم کو نکالے دیتا ہے۔
بیرونی	مردانہ نشستگاہ۔
بیزادن	جھلانا۔ جھونکا دینا۔
بے سر حساب	ظاہر طور پر۔
بے سواد	جاہل۔ گنبڈ۔
بیشترک	اک ذرا زیادہ۔
بیشتر دوام داشتن	(کسی چیز یا کپڑے کا) بہت چلنا۔
بے صور کردن	عصمت دری کرنا۔
بے طاقتی کردن	گھوڑے کا بھڑکنا یا اڑ جانا آدمی کا ہٹ کرنا۔ آگے نہ بڑھنا
بے عرضہ	ذلیل۔
بے عرضگی	ناکارگی۔ نالائقی۔
بیف	آلو
بیک آبخور زدن	پلک مارتے۔ چشم زدن میں
بیک پلک زدن	" " "
بے کفایتی	ناکارگی۔ نالائقی۔

بیگلر بیگی	پولیس سپرنٹنڈنٹ جو شہر کا انچارج ہوتا ہے۔
بیلہ	حیلہ کا تابع مہمل ہے۔
بے مبالاتی کردن	بے توجہی کرنا۔
بے نماز	حائض۔
بینہ	"جامہ کن" دیکھئے۔
بینی کوہ	پہاڑ کی باہر نکلی ہوئی چٹان۔
بے ہمہ چیز	ظاہر طور پر۔

پ

پا اُفتادن	گھبرا جانا۔
پا افراز	ایک قسم کا جوتہ۔
پا انداز	ایک ہدیہ جو دولہا دولہن کو نذر دیتا ہے جس روز وہ پہلی مرتبہ اُس کے گھر میں داخل ہوتی ہے۔
پا بریخت (مقامی)	بیاہ کے قابل جوان
پا بند	زنجیر۔ جو آدمی یا جانور کے پاؤں میں ڈالی جائے۔
پاپ	پوپ۔
پاپیہ	پاموز۔
پاپوش یا کفش پاک کن	نمدہ چٹائی یا دری کا ٹکڑا جو دروازہ میں پاؤں صاف کرنے کے لئے بچھا دیا جاتا ہے۔ پاودان۔
پاپے کردن	ستانا۔
پاتابہ	پاؤں میں باندھنے کی پٹی۔
پاتلون	پتلون۔
پاتوئے کفش تکیے کردن	منہ آنا۔
پاتیل	پتیلا۔
پاچک	اُپلہ
پاچسم	(بیپار کی اصطلاح) پاؤں گائے بکرے کی نلی۔
پاچہ بزی، ابروئے پاچہ بزی	گھنی موٹی بھویں۔
پاچہ بند	چمڑے یا ریشم کا تسمہ (باندھنے کے لئے)
پاچہ ور مالیدہ	اُجڈ۔ ہوش۔ جانگلو۔ لوطی۔ کیونکہ لوطی اونچے ڈھیلے ایرانی پاجامے پہنتے ہیں۔
پاچیدن	بکھرنا۔ چھڑکنا۔
پادد	وہ شخص جو حمام میں حقہ اور قہوہ وغیرہ لاکر دیتا ہے۔
پادوک جہاز	قلی لڑکا جو جہاز پر کام کرتا ہے۔
پا در کفش گذاردن	اُسکو برطرف کراکے خود اُس کی جگہ لے لی۔
پار	فُٹ۔
پاراد	پربڑ۔

پاِرس کردن	بھوکنا۔
پارلمان	پارلیمنٹ۔
پارلمنٹ	"
پارو	ڈانٹر
پاروزدن	کھینا۔
پارہ	اُس نے غیر متعلق یا مختلف
ازدرہ و پیتہ پارہ	باتوں کے بارہ میں سوالات
سوالات کرد	کئے۔
پاریس	پیرس۔ فرانس کا پایۂ تخت۔
پازن	پہاڑی بکری۔
پاسبک کردن	اُس عورت کے بچہ پیدا ہوا ہے
آن زن پاسبک	یا وہ عورت وضع حمل سے فارغ
کردہ است	ہو گئی ہے۔
پاسپرت (ری)	پاسپورٹ (جہاز کے لئے،
پاسنجر	مُسافر (صرف جہاز کا)
پاسنگ	عقلش پاسنگ مے برد۔
	وہ کوتاہ عقل ہے۔
پاسوز	شیفتہ۔ فریفتہ۔
پاشابک	ایک قسم کا پرند۔ چہا۔
پاشدن	کھڑا ہونا۔
پاشنہ	ایڑی۔
پاشنہ بریدہ (مقامی)	ڈاکو۔
پاشنہ خواب	بے ایڑی کے سلیپر جو

	بالعموم عورتیں اور دوکان دار
	پہنتے ہیں۔
پاشنہ در	کواڑ میں لگانے کا دلائتی قبضہ
	یا کواڑ کی چول۔
پاشنہ گرد	گُنہلی۔ یعنی وہ سوراخ جس میں
	کواڑ کی چول رہتی ہے۔
پاصفحہ حاشیہ زیرین	فُٹ نوٹ۔
پاطوقی ہا	علم۔ ذوالجناح اور محملوں کے
	جلوس کے افراد۔
پافیل (ب)	اڑنا جو گرتی ہوئی دیوار کے روکنے
	کے لئے لگا دیا جاتا ہے۔
پاکت	لفافہ۔
پاکردن	(جوتہ) پہننا۔
پاکش	اسٹاکنگ۔ یعنی گھٹنے تک موزے
پاک کُن	تحریر مٹانے والی ربڑ۔
پاک نویسی کردن	خوشخط نقل کرنا۔
پاگرفتن	واقع ہونا۔
پالانش کج است	وہ کجرفتار ہے (صرف عورتوں کی
	کجروی کے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔
پالتو (ف)	اوورکوٹ۔ لبادہ
پالودہ۔	نرم۔ صافی۔ چھنا۔
پائے پردہ دار	بطخ وغیرہ جھلّی دار پاؤں۔
پائے پیچیدن	بھاگنا سر پھرنا۔

لفظ	معنی
پائیدن	ایک نظر دیکھنا۔ گھڑی دیکھنا۔ چوکسی کرنا۔
پائے فروشیدن	توقف کرنا۔
پائے کشادن	کسی کو آنے دینا جو پہلے نہ آیا ہو۔
پائے ماردیدن	جبیں کا سوت ما [illegible] کا انڈا پالینا
پائے من است	یہ میرا کام ہے۔ میرا ذمہ۔
پائین نشستن	بیٹھنا۔
پایاب	گھاٹ۔
پایہ	باز کا اڈا۔ لیمپ وغیرہ رکھنے کی تپائی۔ (گرچہ یہ معنے مقامی ہیں)
پتو	کمبل۔ پٹو۔
پتیارہ	لڑاکا۔ نٹ کھٹ عورت۔
پچ شدن	پھلوں وغیرہ کا دب جانا۔
پچل	گندا۔ کثیف۔
پخ پخ	لمبی ٹوپی جو فراش اوڑھتے ہیں
پخت	احمق۔ گھامڑ۔ کم سمجھ۔
ریشش پخت است	اس کی ڈاڑھی الجھی ہوئی یا پراگندہ ہے۔
پختی	پلٹس۔
پخچیدن	کوٹ کر چوڑا کرنا۔
پخسیدن	پگھلنا۔ اکٹھا ہونا۔
پخش	ودولتم پخش شدہ۔ میری دولت

لفظ	معنی
	تلف ہو گئی۔
پخشیدن	کوٹ کر چوڑا کرنا۔
پخش کردن	چھترانا۔ بکھیرنا۔
پخمہ	دل مردہ۔ بدنما۔ بھونڈا۔
پدر زن	(بدون اضافت) خسر (بیوی کا باپ)
پدر سگ صاحب	یعنی وہ جس کا مالک "پدر سگ" ہے جانوروں کے لئے ایک گالی۔
پدر سوختہ	حرامزادہ۔ ذلیل۔ کمینہ۔
پدر شو	(بدون اضافت) خسر (شوہر کا باپ)۔
پدر کسے را سوزانیدن	سخت سزا دینا۔
پراشیدن و پرشیدن	پریشان ہونا۔ چھڑکنا۔
پرپرک	پھرکی
پرپر کردن	پر پھٹ پھٹانا۔
پرپوک کردن	باز اور چھوٹے پرندوں کا پر پھٹ پھٹانا۔
پرتاب یا پرت شدن	(کسی بلندی یا ڈھال وغیرہ سے) گر پڑنا۔
پرتاب کردن	پھینکنا۔
پروتستان	پروٹسٹنٹ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔

لفظ	معنی
پرت شدن از اسپ پرتشا	گھوڑے سے گر پڑا
پرتغال	میٹھا نیبو۔ سنگترہ۔
پرت کردن	پھینکنا۔
پرت گاہ	ڈھلوزمین۔ کڑاڑا۔
پرچانگی	ڈینگ۔ شیخی۔
پرچپاندن	بچہ تھپسا دینا۔
پرچک	ہوائی رمیوے کی تراشی ہوئی
پرچین	پیڑوں پودوں اور جھاڑیوں وغیرہ کو پیراستہ کرنے کی قینچی یا آلہ۔
پرچین رب	کھونٹا میخ۔
پرخوردن	چرخ کھانا۔ صوفیوں کا جھومنا لٹو کا گھومنا۔ پرندوں کا چکر کاٹتے ہوئے اڑنا۔ گھمانا۔
پردادن	
پرو ماغ	موجی۔ موج ہیں۔ پرکیف۔
پردہ	جالی دار نقاب جیسا ہمیں اکثر استعمال کرتی ہیں۔ بادبان۔
پردہ پا	جھلی دار پاؤں والا جانور جیسے بطخ۔
پردۂ زنبورک	چھت۔
پرزشک و پشش	"پشپشو" دیکھئے

لفظ	معنی
پررو	بے شرم۔
پرز	مخمل کا روان۔ دوات کا صوف جلدی سے آگ پکڑنے والی کوئی چیز
پرستار	تیمار دار۔
پرستیدیژی تاسیون	بازی گری شعبدہ بازی۔
پروفیسر	پروفیسر
پرفیس	مغرور۔ خود بین۔
پرکردن	غصہ دلانا۔ برافروختہ کرنا۔
پرکوت کردن	خوب کوٹنا۔
پرگرفتہ این رنگ پرگرفتہ است	یہ رنگ بہت گہرا ہے۔
پرمک	پھپوندی۔ زنگ۔
پرمک زدہ	پالے کا مارا ہوا۔
پرطلا	مرغابی۔
پرنس	شہزادہ۔
پرنس دوگال	پرنس آف ویلس
پروس	پروشیہ
پروصلہ	"وصلہ دار" دیکھئے۔
پروغرام	پروگرام۔
پروف	پریسٹر کا پروف۔
پرہ	پہیہ کا ارا

لفظ	معنی
پریدن	او از اسپ پرید۔ وہ گھوڑے سے گر پڑا۔
شیرے باو پرید	اس پر شیر نے حملہ کیا۔
پرنیانت کردن (زن)	تعارف کرانا۔
پریزیدان	پریسیڈنٹ۔
پُرپوزت	کثیر المنازل۔ جس عمارت میں بہت سے درجے ہوں۔
پَژدُون	افریقہ اور امریکہ کا جنگلی بھینسا
پژولیدن	کملانا۔ بے آب ہونا۔
پسانیدن	سینچنا۔
پساویدن	ہاتھ سے ملنا۔
پس پس فردا (ب)	نرسوں یا اترسوں۔
پستانک	بندوق کا نپل۔ کلی (حقہ) کی ڈونٹی جس میں نے لگائی جاتی ہے
پست توے یا پستو	چھوٹا سا بیک روم یعنی کمرہ جو پیچھے کی طرف بنا ہوا ہو۔
پستر فردا	نرسوں یا اترسوں
پس کوچہ	گلی۔
پس گردنت را مخاران	پس و پیش نہ کرو۔ دماغ سے حیلہ نہ تراشو۔
پُشت	پٹھا یا سنڈا۔ جو مابون یا لوطی رکھتے ہیں۔ گاؤ تکیہ۔
پُشت بام	کھلا ہوا چبوترہ کھلی ہوئی اوپر کی منزل

لفظ	معنی
پُشت پا زدن	رد کرنا۔
پُشت پُشت یا پُشت ہم	پے ہم۔ پے در پے۔
پُشت سر حرف زدن	غیبت کرنا۔
پُشت سر رفتن	پیچھے پیچھے چلنا تعاقب کرنا۔
پُشت سر کردن	پیٹھ پیچھے ڈالنا۔
پُشت سرکی رفتن یا پس پسکی رفتن	بغیر پیٹھ پھیرے یعنے منہ سامنے کئے پیچھے ہٹنا۔
پُشت سر ہم	متواتر۔
پُشتک زدن	اُلٹی قلابازی کھانا۔
پُشت کسی شدن	انہ پُشت من مے شوید۔ کیا تم میری مدد کروگے۔
پُشت گردنی	دھول۔
پُشت گلی	ہلکا گلابی۔
پُشت گوش انداختن	کان نہ دھرنا۔
پُشت ہم یا پائے ہم	پیہم پے در پے۔
پُشت ہم رفتن	جانوروں کا جفت ہونا۔
پُشتی	مابون۔ گاؤ تکیہ۔
پشک	بلی۔
پش کردن	بلی کو بھگانا
پشکل	مینگنی۔

لفظ	معنی
پشکل دو پشکل	دو مینگنی کے برابر۔ حقیر۔
پشم اندر پشم	تا نا بانا دونوں اونی۔
پشمک	ایک عمدہ سفید قسم کی بالوں کی طرح کی مٹھائی "بڑھیا کا کاتا"
پشیمان شدن	پشیمان ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
پطرس یا پطرکبیر	پیٹر اعظم۔
پُف آب زدن	مُنہ سے کلّی چھوڑنا۔
پُفک	دھونکنی۔
پُف کردن	منہ سے پھونک مارنا۔
پُف کردہ	ہوَا بھرا ہوا۔ جھلّایا ہوا یا ناخوش۔
پُف کردہ نشستہ بود	ترش رو یا رنجیدہ بیٹھا ہوا تھا۔
پُف پوزی	نمائش ظاہری۔ دغابازی جھوٹی طبابت
پُق خندیدن	کھکھلا کر ہنس پڑنا۔
پُک (ب)	حقہ کا کش۔ (جو چھوڑا جائے)
پکیدن (ب)	شق ہونا۔
پگدا۔	بتکدہ۔
پلاس	خیمہ جو بالوں کا بنایا جاتا ہے۔
پلاس انداختن	پریشان کرنا۔
پلز انادن	جھلسنا۔ (بال وغیرہ)
پلستفرہ (ی)	آبلہ
پلشت پلشتہ	زن پچل دیکھئے۔

لفظ	معنی
پل شکستن	محروم رہنا بے طاقت ہونا۔
پلک زدن	دبکنا۔ جھجکنا۔
پُل مان شکستہ	ہماری امیدوں پر پانی پھر گیا۔
پلنگک زدن	دونوں ہاتھوں سے تال دینا۔
پَل پاچہ بوسیدن	چاپلوسی کرنا۔
پلّہ	"کفہ" دیکھئے۔
پلّہ پلّہ	رفتہ رفتہ۔ بتدریج۔
پلّہ پیچ	چکردار زینہ۔
پلّہ خوردن	سیڑھیاں ہونا۔
پلہم	ایک بوٹی جس سے بچھو کے کاٹے کو آرام ہو جاتا ہے۔
پُلیس یا پولیس	پولس۔
پمپ یا پمپوری	پھپھوندی زنگ
پنبہ شدن	بھاگنا بھگانا۔
پنبہ کردن	خاموش ہونا۔ منکر ہونا۔
پنبہ نہادن	فریب دینا۔
پنجار گرفتن	نوچنا۔
پنج الّاسہ	پانچ نفی تین۔
پنجہ یا پنجہ نمک	چُٹکی بھر نمک۔
پنجرہ	جالی دار کھڑکی۔ جنگلے دار کھڑکی اس کھڑکی کو بھی کہتے ہیں جو مکان کی دیوار یا چھت میں ہوتی ہے
پنگ	اون کی گچھی۔

لفظ	معنی
پینشولا	جزیرہ نما۔
پینیرک	خطمی۔ خبازی۔ گل خیرو۔
پینیر مایہ	شتر مایہ اعرابی۔
پینیرور	بعض جگہ نالوں یا دریا کے کنارے جو سرکنڈے اور قلم کے نیزے ہوتے ہیں اُن کو "پینیرور" کہتے ہیں۔
پُوت	گلا سڑا (کپڑا چمڑا لکڑی وغیرہ)
پیزاس (ری)	پُٹاس۔
پورخ	پُختہ۔ مضبوط۔
پودا	شورہ جو نم دیواروں وغیرہ پر جم جاتا ہے۔
پورتسموت	پورٹس ماؤتھ انگلستان کا مشہور بندرگاہ۔
پورتگال	پُرتگال۔
پوریک	دیمک۔
پوز یا پوزہ	جانوروں کی تھوتھنی۔
پوزیدن	عذر کرنا۔
پوست خانہ	ڈاک خانہ۔
پوست خندہ	تبسم زیر لب۔
پوست زخم	کھرنڈ۔
پوست سگ بر سرم مکش	مجھے ذلیل نہ کر۔
پوست سگے را بروے خود کشیدہ	غصہ میں آپے سے باہر ہو گیا۔ غصہ سے بے قابو ہو کر گالیاں بکنے لگا۔
پوستہ	ڈاک۔
پوستہ بُردن	
چہ قدر پوستہ میبرد	کیا محصول لگے گا۔
پوستین کردن	بدگوئی کرنا۔ عیب جوئی کرنا۔
پوشش	ایک کم قیمت سکّہ۔ گھاس کا تنکا
پوشال	گھوڑوں کے لئے پیال وغیرہ کا بچھونا
پوک (ب)	خالی۔
پول۔ یا پول	پیسہ۔ نقدی۔
نقد بالائے سبیل شاہ	
نقارہ نوازند	روپیہ سے سب کچھ ہو سکتا ہے
پول بزرگ	ریال سلطانی۔
پول پیدا کن	کمائی۔
پول خود را بہ دائرہ زد	اُس نے اپنا روپیہ ناچ رنگ میں اُڑا دیا۔
پول سفید	چاندی کے سکے۔
پول سیاہ	تانبہ کے سکے۔ لیکن نکل کے نئے سکوں کو بھی "پول سیاہ" کہتے ہیں۔
پول سیاہ ضرب دار	تانبہ کے سکّہ پر بٹہ لگتا ہے۔

پول شلوار چکمہ	سفر پر روانہ ہونے سے پیشتر ملازموں کی زادِ راہ۔
پولک	مچھلی کا سِنّہ۔ باز کے پاؤں کا چھلکا۔ ہڈی یا دہات کا ولایتی بٹن۔
پول کاغذی	نوٹ۔
پولک پیچ	ڈھبری۔
پول مٹکہ زیادہ دارد (ب)	وہ بڑا دولت مند اور معزز ہے۔
پولیتیک	خود غرضانہ حکمت عملی۔
مرد پولیتیکی ست	وہ پولیٹیکل یعنے خود غرض آدمی ہے۔
پُلیتیک دان	مُدبر۔
اُمور پولیتیک	اُمور سیاسی۔
پونہ	ایک دوا کا سَت۔
پہ	حرف انبساط کبھی طنزاً استعمال ہوتا ہے
پہلو بندی بمن وبہیار	کیا تم میری مدد کرو گے۔
پہلو سائیدن یا زدن	برابری کرنا۔
پہن	کسی جانور کی لید بالخصوص گھوڑے کی۔
پہن شدن در خارج پہن شد	عام طور پر مشہور ہوگئی۔

پہنک	فیتہ (خواہ کسی چیز کا بنا ہوا ہو)
پہنہ	رزمگاہ۔
پہئین	کُوڑا۔
پیادہ شدن کُجا پیادہ شد اید	آپ نے کہاں قیام کیا ہے
پیادہ شو تا همراه بریم	غرور سے باز آؤ تاکہ ہم تجھے اپنی صحبت میں شریک کریں۔
پیادہ نظام	فوج کا پیدل سپاہی۔
پیادہ نہادن	عاجز سمجھنا۔
پیانو (ی)	پیانو۔ باجہ۔
پیپ	پیپہ۔
پیپر منت	پودینے کا سَت۔ پیپر منٹ
پیچ	موچ۔
پیچ پیچی	اُلجھاؤ۔ لپیٹ۔ وقت۔
پیچپہ۔ این نہال پیچپیست	یہ درخت پر چڑھنے والی بیل ہے اسکی بیل پھیلتی ہے۔
پیچیدن	لپٹنا۔ پیچ دینا۔
پیدا کردن	تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا۔
پیراہن کش	بنیائن۔
پیرزادہ	سوتیلی اولاد (لڑکا ہو یا لڑکی)
پیزر	گھاس۔ پھوس۔ پرال۔ حقارتاً کمزور بیوقوف آدمی کو بھی کہتے ہیں۔

پیچ بر بالانش چپوندن (ب)	اُسے خوب اُلو بنایا۔
پیزری شل	سُست۔ کاہل
پیسہ	ابلق۔
پیش اُفتادن	آگے بڑھنا۔
پیش بند	وہ کپڑا جو پوشاک کو صاف رکھنے کے لئے کام کرتے وقت پہنا یا سامنے باندھا جاتا ہے
پیش تختہ	ڈیسک۔
پیشتو (ی)	پستول۔
پیش خانہ	اسباب۔
پیش خدمت	ملازم۔ پرائیویٹ سکرٹری۔
پیش خدمت باشی	نوکروں کا داروغہ۔
پیش دست	پیش اندیش۔
پیش رفت	(کاروبار کی) ترقی
پیش سینہ	قمیص کا سامنا۔
پیش طُرہ	چھجا۔
پیشفنگ دادن	فوجی سلامی دینا۔
پیش قراول	ہراول۔
پیش کردن	بند کرنا (دروازہ)
پیش گاہ	برساتی۔
پیش گیر	مُنہ ہاتھ پونچھنے کا کپڑا

	رومال۔ تہ بند۔
پیشواز	استقبال۔
پیغو (رت)	شکرہ۔
پیقو (رت)	شکرہ۔
پے کسے بلند شدن	پیچھا لینا۔ پیچھے پڑھنا۔
پے کسے فرستادن	بُلانا۔ طلب کرنا۔
پے کور شدن	راہ بھٹک جانا گمراہ ہو جانا۔
ع۔ بجائے گل بروید خار و خاشاک۔	ع۔ پھولوں کی جگہ پر خس و خاشاک اُگے۔
بخانہ ات آمدم آب ہم ندادی میگوئی	گھر آئے پر تو تو نے مجھے پانی تک نہ پلایا اور کہتا

لہ بسر منارہ اشتر رود و فغاں برآرد
کہ منم نہاں بدینجا مکنید آشکارا

یہ چڑھ کے اونٹ منارہ پہ شور کرتا ہے + کہ یاں چھپا ہوں میں مجھ کو نہ آشکار کرو (ایسے احمق یا بدمعاش کے متعلق کہا جاتا ہے جو کوئی برا کام کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اس کو ظاہر نہ کرنا۔

فارسی	اردو
بروازعقب نان میفرستم	ہے کہ جا میں روٹی بھیجتا ہوں ۔ (ایسے آدمی سے کہتے ہیں جسکے وعدے قابل اعتماد نہیں ہوتے)
بخت نادرہ می دارد	وہ بڑا خوش قسمت ہے ۔ "وہ نصیبہ کا سکندر ہے"
برادری جائے خود است اما بزاز مقصد دینار کمتر نیست ۔	بھائی بندی کی تو بات دوسری ہے لیکن بکری سات سو دینار سے کم کی نہیں ہے ۔
ع ۔ برکس مپسند آنچہ ترا نیست پسند ۔	ع نہ چاہو اپنے لئے جو باتیں وہ غیر پر بھی روا نہ رکھو ۔
بزاز ہمیشہ برہنہ کفش دوز ہمیشہ پا برہنہ ۔	بزاز ہمیشہ ننگا اور موچی ہمیشہ ننگے پاؤں ۔ "درزی کی آستین ہمیشہ پھٹی رہتی ہے" "ملاح کا حقہ چھ سال میں بھی تازہ نہیں ہوتا ۔
بقدر دوغت مسکہ میزند ۔	تیرے دہی کے بقدر مکھن نکالتے ہیں" "جیسے دام ویسے کام" "جتنا گڑ ڈالوگے اتنا میٹھا ہوگا" "جیسی تیری تل چاولی ویسے میرے گیت"
بکار حاکم و حکیم نباید ایراد ے گرفت	حاکم اور حکیم کے کام پر اعتراض نہ کرنا چاہیئے ۔ (کیونکہ ان کا ہر کام مصلحت پر مبنی ہوتا ہے)
ع بکش خود را عجب تریاک مفتے ست	ع ۔ (کھاتے کھاتے) جان دیدے مفت کی افیون ہے
ع بلا نادیدہ دعا را شروع باید کرد	ع دعائیں کیجئے پہلے بلا کے آنے سے ۔
بمرگش بگیر تا بہ تب راضی شود	موت پر پکڑو تا کہ بخار پر راضی ہوجائے ۔
ع بود ہم پیشہ با ہم پیشہ دشمن	ع ۔ دشمنی ہوتی ہے ہم پیشہ کو ہم پیشہ سے ۔ "کاری گر کا کاری گر بیری"
بہشت بی رفیق لطفے ندارد ۔ یا بہشت ہم رفیق میخواہد	ع ۔ جنت میں بھی مزا نہیں ہمسایہ کے بغیر ۔
بہ نزد خدائے جہاں روشن است کہ ہمکارہ ہمکارہ را دشمن است	خدائے جہاں پر ہے یہ بات روشن کہ ہم پیشہ ہوتے ہیں آپس میں دشمن

—۱۸۸ا اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ خدا بھی دوسرے خدا کا ہونا گوارا نہیں کر سکتا ۔

بے مے مست است زیر[۵] بغلش راکہ میگیری مستیش زیادتر مے شود۔	بغیر پئے ہی مست ہے۔ اگر اس کی ہمت افزائی کرو گے تو ہنکارنے لگے گا۔
پا بلند مے کند کہ نعلش کنند۔	پاؤں اٹھا دیتا ہے کہ (اس کے بھی) نعل لگا دیں "گھوڑے تو داغے جاتے تھے مکوڑوں نے کہا ہمیں بھی داغو"۔
پا در ہوا حرف میزند۔	بے سر و پا۔ یا۔ بے بنیاد باتیں کرتا ہے (یعنے لغو بکتا ہے)
پا را باندازۂ گلیم با ید دراز کرد۔	"جتنی چادر دیکھئے اتنے پاؤں پھیلایئے"۔
ع پائے ما لنگ است و منزل بس دراز	ع۔ منزل ہے دور اور مرا پاؤں لنگ ہے۔
"پدر من وزیر سلطان بود"۔ "بتو چہ"؟	"میرا باپ بادشاہ کا وزیر تھا"۔ (جواب) "پھر تجھے کیا"؟ (ایسے شخص سے کہتے ہیں جو اپنے آباواجداد کی بزرگی پر فخر کرتا ہے) "ناموں کے کانوں میں انتیاں بھانجے اینڈے پھریں"۔
پرسان پرسان بہ چین ہم میتوان رفت	پوچھتے پوچھتے چین چلے جاؤ۔
ع پس از ما گو جہاں را آب گیرد۔	ع جب ہم نہیں تو چاہے جہان ڈوب کیوں نہ جائے
پشیمانی گذشتہ سودے ندارد	گذری ہوئی بات پر پچھتانا لاحاصل ہے "مضیٰ ما مضیٰ"۔ "گذشت آنچہ گذشت"۔ "اب پچھتائے کا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت"۔
پوست سگ را بروے خود کشیدہ	کتے کی کھال اس نے منہ پر لے لی (یعنی سخت بیحیائی اختیار کر لی)
پول حلال مشکلات است - یا - پول قاضی الحاجات ہے۔	"دام کرائے کام"۔ "اے زر تو خدا نہٴ ولیکن بخدا۔ ستار عیوب و قاضی الحاجاتی"۔

۵. زیر بغل گرفتن - ترغیب - تشویق - امداد - اعانت۔

فارسی	اردو
پیش از مرگ ماتم مے گیرد۔	موت سے پہلے ماتم کرتا ہے۔
پیش از مرگ واویلا۔	موت سے پہلے ہائے ویلا۔
پیش از چوب گریہ کردن۔	پٹنے سے پہلے رونا۔
پیش از روضہ خوانی گریہ میکند	حدیث خوانی سے پہلے رونے لگتا ہے۔
پیش پائے خود را نگہ کن۔	اپنے پاؤں کے آگے دیکھو (یعنی خبردار رہو)
ع پیش ما خاطر شاد و دل غمناک یکیست	ع رنجیدہ و مسرور ہے یکساں مرے آگے۔
سہ پیوند دوستی من از آں پارہ می کنم شاید گرہ خورد بتو نزدیکتر شوم	سہ میں اس امید پر رابطہ محبت قطع کرتا ہوں کہ شاید تجھ سے قربت اور بڑھ جائے گرہ لگ کر
تا آبِ گل آلودہ نشود ماہی نتواں گرفت	جب تک پانی گدلا نہ ہو (یعنے گدلا نہ کیا جائے) مچھلی نہیں پکڑی جاسکتی۔
تا تنور گرم است نانے بپز	جب تک تنور گرم ہے روٹی پکالے۔
تا تو میری[5] اسلحہ بپوشی جنگ تمام شدہ است	جب تک تو جائے ہتھیار لگائے لڑائی کا خاتمہ ہے۔ "تا تریاق از عراق آوردہ شود مارگزیدہ مردہ شود"
تاج زر زینت گدا نبود۔	ع ہوتی نہیں ہے تاج سے زینت فقیر کی۔
تا دستت در روغن است دستِ چربے بسرم مال۔	جب تک تیرا ہاتھ روغن میں ہے چکنا ہاتھ میرے سر پر مل (یعنی جب تک تم برسرکار رہو میرے ساتھ سلوک کرو)
تازی وقتِ شکار ریدنش میگیرد	"شکار کے وقت کتیا ہگاسی۔
ع تا شب نروی روز بجائے نرسی	ع چلوگے گر نہ شب کو دن کو پہنچوگے نہ منزل پر
تا میرم[6] ترا آدم کنم خودم خر میشوم۔	تا وقتیکہ میں تجھے آدمی بناؤں میں خود گدھا ہو جاؤں (استاد شاگرد سے یا باپ بیٹے سے کہتا ہے)

[5] "میروی" کی بجائے "میری" بولتے ہیں۔

[6] بازاری زبان میں "میروم" کے بجائے "میرم" بولتے ہیں۔ "تا میرم" کے بجائے "تا بیایم" بھی استعمال ہوسکتا ہے۔

ع۔ تا نباشد چیزکے مردم نگویند چیزہا
ع۔ جبھی کہتی ہے دنیا بانس بھی جب پھانس ہوتی ہے

ع۔ تا نگوید طفل کے نوشد لبن۔
ع۔ دودھ ملتا نہیں جب تک کہ نہ مانگے بچہ۔

تخم دزد آخر شتر دزد مے شود۔
انڈا چرانے والا بالآخر اونٹ چرانے لگے گا۔

ترا در آسمان میجستم در زمین یافتم
میں تجھے آسمان پر ڈھونڈتا تھا اور زمین پہ پایا۔

تعریف خود کردن پنبہ خائیدن ست
اپنی تعریف کرنا روئی چبانا ہے (یعنی جھک مارنا ہے)

تعریف خود کردن گہ خوردن است
اپنی تعریف کرنا گو کھانا ہے۔

تعریف زیادہ بچہ را خراب میکند
زیادہ تعریف بچہ کو خراب کردیتی ہے۔

تف بالائے سر
ع۔ "گرتا ہے منہ پہ آکر سچ ہے فلک کا تھوکا"!

تفنگ پر یک نفر رامی ترساند اما تفنگ خالی دو نفر را۔
بھری ہوئی بندوق ایک شخص (یعنی مقابل دشمن) کو ڈراتی ہے لیکن خالی بندوق دو آدمیوں کو ڈراتی ہے (یعنے جس کے پاس بندوق ہو اُسے بھی اور اس کے مقابل دشمن کو بھی)

تکہ بزرگتر از دہن برندار۔
منہ سے بڑا نوالہ نہ اٹھاؤ۔

تماشا کن بہتر از بازی کن مے بیند
تماشائی تماشہ کرنے والے سے زیادہ اچھی طرح دیکھ سکتا ہے۔

تواضعہائے خشک زیاد دارد۔
چکنی چپڑی باتیں بہت سی آتی ہیں (اصفہانیوں کا طعنہ شیرازیوں پر)

ع۔ توانا بود ہر کہ دانا بود۔
ع۔ قوی ہے وہی جو خردمند ہے۔

تو مثل ارہ دو سری ہائی۔
تو دوہرے دانتوں کے آرے کی مثل ہے۔ (یعنے آگے کھینچے یا پیچھے دونوں صورتوں میں کاٹے گا) "رفیق دزد شریک قافلہ"۔ "چور سے کہے چوری کر اور شاہ سے کہے تیرا گھر موسنے کو آتے ہیں"

تو مثل گاب نہ من شیری مانی وقتیکہ ترا دوشیدند لگد میزنی شیر ہارا میریزی	تو نو من دودھ دینے والی گائے کی مانند ہے۔ جس وقت کہ تجھ کو دوہ لیا لات مار کر سارا دودھ گرا دیتا ہے (ایسے شخص کے متعلق استعمال ہوتا ہے جو بہت سی عنایتوں کو ایک نقصان پہنچا کر برباد کر دیتا ہے۔
تو مثل نان[1] ساجی میمانی دو رو ہستی	تو نان ساجی کی طرح دو رو ہے (یعنی کسی شخص کا ظاہر و باطن یکساں نہیں ہوتا۔)
تو۔ وخے[2]۔ برو خشتک پر از گمتار الشبو[3] آنوقت بیا۔ کار یاد من بدہ۔	اُٹھ۔ جا۔ تیری میانی گھر میں لتھڑی ہوئی ہے پہلے اس کو دھو پھر مجھ سے بات کرنا (پہلے اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھ پھر مجھے نصیحت کرنا)
تیرے کہ از کمان بیرون جست دیگر بر نمے گردد۔	تیر جو کمان سے نکل گیا پھر واپس نہیں آتا۔ "گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں"
ثواب راہ بخانہ خودمے برد۔	"نیکی کا صلہ خود نیکی ہے"
جائیکہ آش است کچلک[4] فراش است	جہاں شوربا ہے وہاں گنجا خدمتگار بھی ہے۔ "جہاں مٹھائی ہوتی ہے وہاں مکھیاں ضرور آتی ہیں"
جائے کہ گل است خار ہم ہست یا۔ ہر جا کہ فرشتہ ایست دیوے باوست	ہے جہاں پھول وہاں خار بھی ہے ہے جہاں نور وہاں نار بھی ہے
جائے کہ نمک خوری نمکدان مشکن	جہاں نمک کھاؤ وہاں نمک دان نہ توڑو (جس میں کھانا اسی میں چھید کرنا۔

[1] نان ساجی وہ روٹی جو سنگریزوں پر پکائی جاتی ہے اور اس لئے ایکطرف سے ہموار اور دوسری طرف سے ناہموار ہوتی ہے

[2] بازاری زبان میں "وخے" اور "واخیز" بجائے "برخیز" مستعمل ہے۔

[3] "بشو" کی بجائے "بشور" بولتے ہیں۔

[4] کچل کی تصغیر برائے تحقیر۔ خیال کیا جاتا ہے کہ گنجا نہایت چالاک ہوتا ہے

فارسی	اردو
ع جور استاد بہ ز مہر پدر۔	ع۔ باپ کے پیار سے استاد کی سختی بہتر
چاقو دستہ خود را نمے بُرد	چاقو اپنے دستہ کو نہیں کاٹتا۔ "لاکھ ماں ڈائن ہوگی اپنے بچہ کو نہیں کھائے گی۔
چاہ کن ہمیشہ در چاہ مے افتد	کنواں کھودنے والا ہمیشہ خود کنویں میں گرتا ہے "چاہ کن را چاہ در پیش"!
چراغ پائے خود را روشن نمیکند۔	"چراغ تلے اندھیرا ہی رہتا ہے"!
چراغے کہ بخانہ رواست بمسجد حرام است	جو چراغ کہ گھر میں جائز ہے مسجد میں حرام ہے
چلو صافی بکفگیر می گوید تو سوراخ داری	چھننا کفگیر سے کہتا ہے کہ تجھ میں سوراخ ہیں
چنتہ اش خالیست	اس کی جھولی خالی ہے (یعنی وہ ناکارہ ہے)
چوب از بہشت آمدہ است	لکڑی جنت سے آئی ہے (یعنی بچہ کو تہدید نہ کرنا اس کو خراب کرتا ہے)
٥ چوب تر را چنانکہ خواہی پیچ نشود خشک جز بہ آتش راست	٥ جب تک گیلی ہے لکڑی جیسے چاہو موڑ لو آگ ہی سے سیدھی ہو سکتی ہے لیکن سوکھ کر
٥ چوں رشتہ گسیخت بتوان بست اما گرہیش در میان است	٥ شیشہ جو ٹوٹ جائے تو ممکن ہے جوڑنا۔ پر درمیان گرہ جو پڑے گی نہ جائے گی۔
چہ از برائے کر ساز بزنی و چہ از برائے کور برقصی۔	بہرے کے آگے کیا باجہ بجاتے ہو اور اندھے کے آگے کیا ناچتے ہو۔ "بھینس کے آگے کنگری بجاؤ بھینس کھڑی پگلائے"! اندھے کے آگے روئے اپنی بھی نین کھوئے"!
٥ چہ خوش تے مہربانی ہر دو سر بے زیکسر مہربانی درد سر بے	٥ دونوں طرف سے ہو تو محبت کا ہے مزا ہے درد سر جو ایک طرف سے ہو چاہنا (الفت کا جب مزہ ہے کہ ہوں وہ بھی بیقرار دونوں طرف ہو آگ برابر لگی ہوئی)۔

٥ کردی زبان میں "باشد" کے بجائے "بے" استعمال ہوتا ہے۔

؎ چہ خیرے بیاید ازاں خانداں کہ بانگ خروس آید از ماکیاں	؎ وہ کیا نفع پہنچا سکے خاندان کہ مرغی بھی دیتی ہو جسکی اذان
حاجی مرد شتر خلاص۔	حاجی مر گیا اونٹ آزاد ہو گیا)
حرف از دہن بزرگتر نہ زن	اپنے مرتبہ سے زیادہ بڑی بات نہ کہو "چھوٹا منہ بڑی بات"
حرف بے معنی چہ خاصیت دارد	لغو بات سے کیا نتیجہ؟
حرف حرف مے آرد باد برف	بات میں سے بات پیدا ہوتی ہے اور ہوا سے برف (یعنے جھگڑے کو جتنا بڑھاؤ بڑھتا ہے)
حساب حساب است و کاکا برادر	حساب حساب ہے اور بھائی بھائی۔ حساب جو جو بخشش سو سو!
حمام بے عرق نمے شود	ممکن نہیں کہ حمام میں غسل کرو اور پسینہ نہ آئے
حنات رنگ ندارد۔	"تیری مہندی میں رنگ نہیں" اس کی بات کو گوز شتر ہے"
حوضیکہ آب ندارد لازم بماہی نیست	جس حوض میں پانی نہیں اُسے مچھلیوں کی بھی ضرورت نہیں۔
خانۂ پر شیشہ را سنگے بس است	شیشہ سے بھرے ہوئے گھر کیلئے ایک پتھر کافی ہے "پھونس کے انبار کے لئے ایک چنگاری کافی ہے"
خانہ روشن مے کند	سنبھالے لے رہا ہے۔
خانہ کہ دو کد بانوست خاک تا زانوست	جس گھر میں دو بیبیاں ہیں وہاں گھٹنوں گھٹنوں خاک ہے۔
خدا از عمرش بردارد و در روئے عقلش بگذارد۔	خدا اس کی عمر کم کر دے اور اس کی عقل بڑھا دے (احمق کی شان میں کہا جاتا ہے)
خدا درد را داده و دوا را ہم داده	خدا نے ہر درد کی دوا پیدا کی ہے "ہر درد را دوا ست"

؎ "ندا" دونوں جگہ سوقیانہ ہے۔

خدا دنیا را بصبر آفرید۔	خدا نے دنیا کو بتدریج پیدا کیا۔
خدا دیر گیر است و ہم سخت گیر	خدا دیر گیر تو ہے مگر سخت گیر بھی ہے۔ "خدا کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں"
خر بیار و معرکہ دیا باقلی، بارکن	گدھا لاؤ اور چھکڑا لادو۔
خر چہ داند بہائے زعفران ۔ یا ۔ خر چہ داند بہائے قند و نبات	گدھا کیا جانے زعفران کی قدر۔ بندر کیا جانے ادرک کا سواد" یا۔ ع قیمت شکر و مصری کو گدھا کیا جانے "شیخ کیا جانے صابن کا بھاؤ"
خر خود را از پل گذرانید	اپنے گدھے کو پل سے پار اُتار دیا۔ (یعنی وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا۔)
خر گاؤ از ہم فرق نمیکند۔	وہ گدھے اور گائے میں امتیاز نہیں کر سکتا (یعنی سخت احمق ہے)
ع خلق خدا گم شدند ملک خدا خر گرفت	ع گم ہوئی خلق خدا راج گدھوں کو ملا۔
خواب برادر مرگ است	"نیند موت کی بہن ہے" "النوم اخ الموت"
ع خواہی نشوی رسوا ہمرنگ جماعت شو	ع ہمرنگ جماعت بن رسوا جو نہ ہونا ہو۔
ع خوش درخشید ولے دولت مستعجل بود	ع چمکا بہت پہ جلد ہی معدوم ہو گیا۔
خیال جزو ہوا است۔	خیال ہوا کا جز ہے (یعنی محض خیال کوئی حقیقت اور واقفیت نہیں رکھتا)
دارم دارم بدرد نمیخورد۔ داشتم داشتم چہ فائدہ دارد	"میرے پاس ہے" "میرے پاس ہے" اس سے تو کام نکلتا ہے "میرے پاس تھا" "میرے پاس تھا" اس سے کیا فائدہ (ایسے آدمی سے کہتے ہیں۔ جو گذشتہ پر فخر کرتا ہے۔
داشتہ آید بکار گرچہ بود زہر مار	رکھی ہوئی چیز کام آتی ہے چاہے وہ سانپ کا زہر ہی کیوں نہ ہو۔

فارسی	اردو
ع۔ در پس پردہ چہ داند کہ خوب است کہ زشت	پس پردہ کسکو کیا معلوم ۔ کون اچھا ہے اور کون بُرا
در تواضع پیش و در بخشش درویش	تواضع میں سرگرم بخشش کرنے میں مفلس۔ "ناپے سو گز نہ پھاڑے گز بھر"
ع۔ در خانۂ مور شبنمے طوفان است	ع چیونٹی کے گھر میں اوس بھی طوفان سے کم نہیں "مرغی کو تکلے کو گھاؤ بھی بہت"
در دعوے حلوے قسمت نمیکنند	لڑائی میں مٹھائی نہیں بٹتی ہے۔
در ظاہر میش و در باطن گرگ	ظاہر میں بھیڑ باطن میں بھیڑیا "شکل مومناں کرتوت کافراں"
ع در مجلس اغیار لب بستہ بدار	ع محفل میں ہو غیر کی تو خاموش رہو۔
س در ناامیدی بسے امید است پایان شب سیہ سپید است	س یاس میں بھی ہے بشر کیواسطے یونہی امید جیسے کالی رات کا انجام ہے روز سپید
دروغ عاقبت ندارد	جھوٹ آخر کھل ہی جاتا ہے "جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے"
دروغ فروغے ندارد۔	جھوٹ کو فروغ نہیں۔
دروغ مایہ نمے خواہد	جھوٹ بولنے کیلئے پہلے سے کسی مواد کی ضرورت نہیں
در وقت نعمت یار در ہنگام عزلت اغیار	بنی کے یار بگڑی کے دشمن "بنی کے سب ساتھی"
درویشی بہ طیلسان و خرقہ نیست	چادر اور گدڑی پر درویشی کا انحصار نہیں۔ "درویش صفت باش و کلاہ تتری دار"
دریا ہمیشہ یک قسم نمے ماند	سمندر ہمیشہ ایک حالت پر نہیں رہتا یعنی قسمت پلٹے کھاتی رہتی ہے اور کبھی کے دن بڑے کبھی کی راتیں۔
در یکہ نداری دربان چہ مے کنی۔	جب دروازہ نہیں تو دربان کیا کرے گا۔

فارسی	اردو
دزد دزد را مے شناسد و ولی ولی را	چور چور پہچانتا ہے اور ولی کو ولی "میں مجنوں کو مجنوں مجھے جانتا ہے" "ولی کو ولی خوب پہچانتا ہے + شوق"۔
دزد نابلد خود را بکاہدان مے زند	ناواقف چور خود کو بھسوڑی میں پہنچاتا ہے (ایسے آدمی کے متعلق بولتے ہیں جو کسی کام میں بالکل نیا ہو)
دزد نگرفتہ بادشاہ ہست	جب تلک پکڑا نہ جائے چور بھی ہے بادشاہ۔
دزدی آخر ندارد	چوری (ریاچالبازی) آخر کھل ہی جاتی ہے
؎ دستت چو نمے رسد بہ بی بی / دریاب کنیز مطبخی را	؎ بیگم تک ہو نہ گر رسائی + لونڈی ہی پہ یار اکتفا کر "گندم اگر بہم نرسد بھس غنیمت است"
؎ دست تو بہر چہ آشنا شد / خیر و برکت از و جدا شد	؎ جس شئے کو تو نے چھو دیا / برکت ہوئی اس سے جدا
دست خالی از دنیا باید رفت	؎ یاں سے جانا ہی پڑے گا خالی ہاتھ / کچھ نہیں جائے گا مطلق تیرے ساتھ"
دستش بجائے بند نیست	آج کل اس کے ہاتھ میں کوئی کام نہیں ہے
دست شکستہ کار مے کند ولیکن دل شکستہ کار نمے کند	ٹوٹا ہوا ہاتھ تو کام کرتا ہے لیکن ٹوٹا ہوا دل کام نہیں کرتا۔
دستک بزنید کہ ہر چہ بروند بروند	"اب پچھتائے کا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت"
دست بلا اگر نقاب بار رسد + بکنار شرف تا آب رسد	ہاتھ چوٹّا کے رکابی پڑے + کہاں یہاں تک کہ تلی تو لڑے
دست یکہ صدا نمے کند	"ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی"
دل بدل راہ دارد	"دل کو دل سے راہ ہے" "دل را بدل رہیست درین گنبد سپہر + از سوے کینہ کینہ و از سوے مہر مہر"

؎ نرد۔ چوسر وغیرہ کھیلوں میں دھوکہ دینے کو بھی دزدی کہتے ہیں۔

دل دل میکند۔	متردد خاطر ہے۔
دل کہ سفرہ نیست کہ آدم پیش ہمہ کس واکند۔	دل دسترخوان تو نہیں کہ آدمی سب کے سامنے کھولکر رکھدے (سبب ہر ایک مجھ سے پوچھتا ہے میرے رونے کا۔ آہی سارے دنیا کو میں کیونکر رازدان کر لوں۔ تاجور)
ع دنیا پس مرگ ما چہ دریا چہ سراب	۵ دریا ہو کہ ہو سراب دنیا۔ جب ہم ہی نہیں تو پھر پھر کیا ہے "بعد از سر من کن فیکون شد شدہ باشد" "بلبل نے آشیانہ چمن سے اٹھالیا۔ اسکی بلا سے بوم بسے یا ہما رہے"
دنیا ہمیشہ بیک قرار نمے ماند	دنیا ہمیشہ ایک حالت پر نہیں رہتی "کبھی کے دن بڑے کبھی کی راتیں"، "ہر گھڑی منقلب زمانہ ہے یہی دنیا کا کارخانہ ہے"
دو۵ پا بہ دو روز و چار پا بہ چہار روز شناختہ مے شود۔	آدمی دو دن میں اور چوپایہ چار دن میں پہچان لیا جاتا ہے (یعنے چوپایہ کی بہ نسبت انسان کے مزاج کا سمجھ لینا زیادہ آسان ہے)
دود از کندہ بر مے خیزد۔	دھواں لٹھے سے اٹھتا ہے "بڑوں کی بڑی بات"
دوری و دوستی۔	جدائی اور دوستی (یعنے جدائی محرک دوستی ہے) "زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا"
دیر آید دیر پاید۔	جو چیز دیر میں حاصل ہوتی ہے وہ دیر پا ہوتی ہے (دیر آید درست آید)
دیگ بہ دیگ میگوید کہ تہ تو سیاہ است	دیگ دیگ سے کہتی ہے کہ تیرا پیندا سیاہ ہے۔
راستی رستگاری ست۔	سچائی ہی نجات ہے۔
ران ملخ بسلیمان پیشکش بردن	ٹڈی کی ٹانگ سلیمان کے حضور میں ہدیہ لے جانا
ع راہ باریک است و شب تاریک و منزل بس دراز۔	ع۔ راستہ کوتہ۔ اندھیری رات۔ منزل دور کی

۵ "دوپا" سے مراد

رفتم و داغش را پاک کنم چشمش را هم کور کردم۔	میں نے اس کی ناک صاف کرنی چاہی تھی مگر اس کی آنکھ بھی پھوڑ دی (یعنے میں نے چاہا تو یہ تھا کہ اس کے ساتھ بھلائی کروں مگر سوءِ اتفاق سے وہ ہو گئی اس کے لئے برائی)
رنج بکش تا بگنج برسی۔	تکلیف اٹھا تاکہ راحت پائے۔
روباہے افتاد در خم نیل۔ گفت "منم طاؤس علیین[1]"	لومڑی نیل کے مٹکے میں گر گئی کہنے لگی میں تو ہے "طاؤس علیین ہوں" "گھی گر گیا تو ابالی ہی بھاتی"
ع روح را صحبت ناجنس عذابیست الیم	ع۔ روح کو صحبت ناجنس ہے اک سخت عذاب
روز امید بس دراز بود۔	امید کا دن بہت بڑا ہوتا ہے۔
روزہ گرفتن صرفہ ندارد۔	روزہ رکھنے سے بچت نہیں ہوتی۔
روغن ریختہ نذر امام جعفر صادق	گرا ہوا گھی امام جعفر صادق کی نذر "یونہی بچھیا بامن نام کے" "جو نہ بھائے آپ کو۔ دو بدھ کے باپ کو"
رویش ببیں حالش مپرس	اس کی صورت دیکھ لو حال نہ پوچھو "فقیر کی صورت سوال ہے"
زبان خوش مار را از سوراخ بیروں مے آرد۔	شیریں آواز سانپ کو بھی سوراخ سے نکال لاتی ہے۔
زخم زبان بدتر از زخم شمشیر است	زبان کا گھاؤ تلوار کے زخم سے بدتر ہے۔ "چھری کا تیر کا تلوار کا تو گھاؤ بھرا + لگا جو زخم زبان کا رہا ہمیشہ ہرا"
زناف آمدہ است و عروس رفتہ است سر آب۔	برات دروازہ پر ہے اور دلہن پاخانہ گئی ہیں "نسکا کے وقت کتیا ہگاسی"
زمستان رفت و روسیاہی بزغال فروش ماند[2]	جاڑے چلے گئے مگر کوئلے بیچنے والے کا منہ کالا رہ گیا یعنی "بات رہ جاتی ہے اور وقت نکل جاتا ہے"

[1] ایک بہشت کا نام ہے
[2] یعنے سخالت ہمیشہ رہاند۔

ع زن بیوہ مکن اگرچہ حور است۔	ع۔ حور ہی کیوں نہ ہو بیوہ سے نہ کرنا شادی۔
زیرِ کاسہ نیم کاسہ ایست۔	پیالہ کے نیچے پیالی ہے۔ "دال میں کچھ کالا کالا ہے"
ع سخن تا نپرسند لب بستہ دار۔	ع۔ جب تک تجھ سے نہ پوچھا جائے تو خاموش رہ
سر در میان سرہا آورد	(اور) سروں میں (اپنا) سر اڑا دیا "پوُ گا جر ولے ہیں گٹھلیاں یا ٹکوں میں جھنجیاں ملانا" تو کون کہ میں خواہ مخواہ"
سرش مثل کون طاس است	اس کا سر تانبڑا ہے (یعنی کھوپری پر بال نہیں ہیں)
سرِ گنجشک خوردی کہ این قدر حرف میزنی؟	کیا تو نے چڑیا کا سر کھا لیا ہے جو اس قدر باتیں کرتا ہے؟
سکوت موجبِ رضاست۔ یا السکوت علامة الرضاء	خاموشی رضامندی کی علامت ہے "الخاموشی نیم رضا" "السکوت کالاقرار"
سگ چہ چیز است کہ پشمش باشی	(خود) کتا ہی کیا چیز ہے کہ تو اس کی پشم ہے (یعنی خود تیرا آقا ہی کیا بلا ہے کہ تجھے کچھ سمجھا جائے)
سگِ زرد برادرِ شغالِ سیاہ	زرد کتا کالے گیدڑ کا بھائی "چوروں کے بھائی گرہ کٹ"
سگِ زندہ بہ از شیرِ مردہ	زندہ کتا مردہ شیر سے بہتر ہے "سگ منصور بہ از برادر دور"
سگ ہم در خانہ خود شیر است	"کتا بھی اپنی گلی میں شیر ہوتا ہے"
سلامتی بہترین نعمتہاست	سلامتی بہترین نعمت ہے۔
سنگِ بزرگ علامتِ نہ زدن است	بڑا پتھر نہ مارنے کی علامت ہے "جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں"
سنگ را سنگ مے شکند۔	پتھر کو پتھر ہی توڑتا ہے "لوہے کو لوہا ہی کاٹتا ہے"
سنگ زدن بمحل بہ کہ زر دادن بے محل	بے موقع روپیہ دینے سے برمحل پتھر مارنا بہتر ہے۔

ے بموجب بمعنی علامت بولتے ہیں۔

مثل	مطلب
سوداگر پنیر در شیشه میخورد	سوداگر بوتل میں (رکھ کر) پنیر کھاتا ہے (یعنی سخت کنجوس ہے)
شاگرد رفته رفته باستاد میرسد	رفتہ رفتہ شاگرد استاد کا ہمسر ہو جاتا ہے
شاہنامہ آخرش خوش است	شاہنامہ کا خاتمہ خوب ہے (یعنی کسی شئے کو شروع سے آخر تک دیکھنے کے بعد اس کے حسن و قبح پر رائے قایم کرنی چاہیئے)
شب پنبه دانه دُر مے نماید۔	رات میں بنولہ بھی موتی معلوم ہوتا ہے۔
ع شب گربه سمور مے نماید۔	ع بلی سمور ہوتی ہے معلوم رات میں۔
شتر که نواله میخواهد گردنش را دراز مے کند۔	اونٹ کو جب چارہ کی ضرورت ہوتی ہے تو اپنی گردن کو اُٹھاتا ہے (مراد یہ کہ کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے کوشش کرنی ضروری ہے)
شتر هر قدر از جاز بدش مے آید بیخ گوشش سبز مے شود	اونٹ جس قدر جاز سے گھبراتا ہے اتنا ہی وہ اس کے سامنے آتی ہے (جاز ایک قسم کی خاردار جھاڑی ہوتی ہے جسے اونٹ نہایت ناپسند کرتا ہے)
شخصیکه طاق ندارد فرش هم لازم ندارد	جس شخص کے پاس کمرہ نہیں اُسے فرش کی کیا ضرورت ہے۔
شراب مفت قاضی هم میخورد	مفت کی شراب قاضی بھی پی لیتا ہے۔ مفت کی مے قاضی کو بھی حلال ہے۔
شغال بیشه مازندران را + نگیرد جز سگ مازندرانی	شغال بیشہ مازندران کو + نہ پکڑے جز سگ مازندرانی
شغال یا میدود یا زوزه مے کشد	گیدڑ یا دوڑتا ہے یا چلاتا ہے (یعنی ایک وقت میں دونوں کام نہیں کر سکتا) ملازم جس سے ایک ہی وقت میں کئی کام کرنے کو کہا جائے وہ یہ مثل استعمال کرتا ہے "آیا چنے ہی کھالو یا شہنائی ہی بجالو"

۵ خیال کیا جاتا ہے کہ گیدڑ جس وقت دوڑتا ہو تو چلا نہیں سکتا۔

فارسی	اردو
شکلش را اگر در خلا بکشی افتادہ از دست مردم مے افتد۔	اگر پاخانہ میں اس کی تصویر کھینچیں تو آدمی کے ہاتھ سے چھوٹ پڑے (بدصورتی کی ہجو)
شکمش قل ہو اللہ میخواند	"اس کی آنتیں قل ہو اللہ پڑھ رہی ہیں" (یعنی سخت بھوکا ہے)
ع شنیدن کے بود مانند دیدن	ع۔ سننا نہیں ہوتا دیکھنے کے مانند۔
شوخی شوخی باریش بابا ہم شوخی	"ماں چھوڑ موسی سے ٹھٹھا"
شیرہ آنست کہ خودش بیاید	"شیرہ" تو وہ ہے جو خود نکل آئے (یعنی محبت جبر سے نہیں ہوتی)۔
شیرہ بسرت نامالد	وہ تیرے سر پر شیرہ نہ مل دے (یعنی خبردار رہنا کہیں وہ تجھے فریب نہ دے دے)
صبر مفتاح کارہاست	صبر کاموں کی کنجی ہے
صدا از یک دست بر نیاید۔	"ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی"۔
صدایش بسرش خوش مے آید	اسے اپنی آواز اچھی معلوم ہوتی ہے۔
صد تا گنجشک با جیق و جیقش نیم من است گاوے بکش کہ گردرانش سی من است	سو چڑیاں مع اپنی چوں چوں کے نصف من ہوتی ہیں۔ گائے ذبح کر کہ اس کی ایک ران تیس من ہوتی ہے (وزیر کی نصیحت گورنر کو کہ چھوٹے چھوٹے لوگوں پر ہاتھ نہ ڈالے)
صد کوزہ بسازد و یکے دستہ ندارد	سو پیالے بناتا ہے دستہ ایک میں بھی نہیں ہوتا (یعنی اسکی ایک بات بھی قابل اعتبار نہیں۔ سرتاپا جھوٹ بولتا ہے)
ع صوت خودش بگوش خودش خوش صدا بود	ع بھلی لگتی ہے اس کے اپنے کانوں کو صدا اپنی۔
ع صید را چوں اجل آید سوئے صیاد رود	آتی ہے اجل شکار کی جب صیاد کی سمت بھاگتا ہے "دہ گیدڑ کی موت آتی ہے تو شہر کو بھاگتا ہے"۔

۵ کنایۃ از کا تازہ عرق نیز شربت قوام کیا ہوا۔

فارسی	اردو
طبل درون خالی آواز بسیار دارد	کھوکھلے ڈھول میں بہت آواز ہوتی ہے (یعنے اوچھے اور چھچھورے لوگ ہی ڈینگیں مارا کرتے ہیں) "جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے"
طشت او از بام افتاد۔	اس کا کام درہم برہم ہو گیا۔
ع ظالم از مظلوم باشد شکوہ چیست	ع۔ شکایت کیا اگر ظالم (کبھی) مظلوم بن جائے
ظالم از مظلوم باشد شکوہ چی	ظالم بلا وجہ مظلوم سے گلہ مند ہوتا ہے۔
ظرفش پر شدہ۔	اس کا برتن بھر گیا۔ (یعنی اس کی عمر ختم ہو گئی)
عاشق پول ندارد کنگر؎ می خورد	جس عاشق کے پاس پیسہ نہیں وہ "کنگر" کھاتا ہے "زر نیست عشق ٹیں ٹیں"
ع عاقبت جوئندہ یابندہ است	ع۔ پا ہی لیتا ہے ڈھونڈھنے والا۔ مَن جَدَّ وَجَدَ
عشق و رشک جدا نمی شود۔	عشق اور رشک جدا نہیں ہوتے
عقد را بر عرش خواندہ اند	آسمان پر ہی نکاح پڑھ دیا ہے
علم ہر کار بہتر از جہلش است	ہر بات کا جاننا اس کے نہ جاننے سے بہتر ہے "علم شے بہ (از) جہل شے"
عمر او آفتاب لب بام است	اس کی عمر غروب ہونے والے سورج کی مانند ہے "وہ گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے"
عمر آفتاب سر کوہ است	اس کی عمر غروب ہونے والے سورج کی مانند ہے "وہ گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے"
عیال پرستی خدا پرستی است	اہل و عیال کی پرورش خدا پرستی ہے
؎ عیب خود را کسے نمی بیند ہر کسے عیب دیگرے چیند	؎ عیب اپنا نظر نہیں آتا + دوسروں پہ ہے نکتہ چیں دنیا اور دوں کی بری بات تو بھاتی نہیں تم کو + پر اپنی برائی نظر آتی نہیں
عید فطر ہرگز عاشورا نمی شود۔	عید الفطر دہم محرم کو کبھی نہیں ہوتی۔

؎ کنگر ایک قسم کی بے مزہ پہاڑی ترکاری ہوتی ہے

فارسی	اردو
فردا مے شمادہ سال است	تمہاری کل دس برس کی ہے۔
فروشندہ "یا قیمت تمام یا منت تمام"	قیمت دیجئے تو پوری ورنہ یوں ہی نذر ہے
ع فقارہ؎ چوں بلند شود سرنگون شود	سرنگون ہوتا ہے جب فوارہ ہوتا ہے بلند
فلاں شخص اینقدر بخیل است کہ شب اگر ناودان خانہ اش در بیروں کوچہ باشد خوابش نمے برد۔	فلاں شخص اس قدر بخیل ہے کہ اگر رات کو اس کے گھر کا پرنالہ باہر کی طرف گلی میں ہو تو اُسے نیند نہیں آتی۔ "دینے کے نام کو اڑ بھی دے کر نہیں سوتا۔"
فیل بیاد ہندوستان افتاد	ہاتھی کو ہندوستان یاد آیا (یعنی کسی کو اپنا وطن یاد آیا)
قوز بالائے قوز	"مصیبت پر مصیبت" "چولہے سے نکال بھاڑ میں جھونکا"
ع کار بوزینہ نیست نجاری	ع کام بندر کا نہیں نجاری۔
کارد باستخواں رسید۔	چھری ہڈی تک پہنچ گئی "پانی سر سے گذر گیا"
؎ کار ہر بافندہ و جلاج نیست از کمان سست تیر انداختن	؎ تیر اندازی کمان سست سے کام ہر دُھنتے جلاہے کا نہیں
کاسہ۔ از آش گرم تر	پیالہ شوربے سے زیادہ گرم (ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں چھوٹے بڑوں سے زیادہ سرگرمی کا اظہار کرتے ہیں) "بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ"
کاشکے مہارش دست من بود	کاش اس کی نکیل میرے ہاتھ میں ہوتی۔
ع کچل ار طبیب بودے سر خود دوا بکردے	ع کرتا اپنی ہی دوا گنجا اگر ہوتا طبیب
کُرّہ خر از خریت بیش بیش مادر است	گدھے کا بچہ گدھے پن میں اپنی ماں سے کچھ زیادہ ہی ہوتا ہے۔ "کوّے کا بچہ کوّے سے سیانا"

؎ بازاری زبان میں "فوارہ کو فقارہ" کہتے ہیں۔

فارسی	اردو
کس نخارد پشت من جز ناخن انگشت من	اپنی انگلی اپنے ناخن کے سوا کوئی میری پیٹھ کھجلاتا نہیں "اپنے ہی تھوک سے حلق گیلا ہوتا ہے"
کسے جو نکاشت کہ گندم درو کرد	ایسا کوئی نہیں کہ جس نے جو بوئے ہوں اور گیہوں کاٹے ہوں "جیسی کرنی ویسی بھرنی"
کسے راکہ از شہد بتوان کشت زہر دادن چہ سود۔	جو گڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دو۔
کسیکہ پول ندارد گہ میخورد	جس کے پاس پیسہ نہیں وہ گو کھاتا ہے "کوڑی نہ ہو تو کوڑی کے پھر تین تین ہیں"
کسیکہ زر دارد ترس دارد و کسیکہ زر ندارد الم دارد۔	جس کے پاس پیسہ ہے وہ ڈرتا ہے۔ نادار مفلسی کے رنج سے مرتا ہے۔
کسیکہ کتاب بعاریت بدہد یک دستش را باید برید و کسیکہ پس دہد دو دستش را باید زد۔	جو شخص کہ کتاب مستعار دیتا ہے اس کا ایک ہاتھ کاٹ لینا چاہیئے اور جو شخص واپس دیتا ہے اس کے دونوں ہاتھ قلم کر دینے چاہئیں
کسیکہ نمیداند آدم و حوا است	جنہیں نہیں معلوم وہ آدم و حوا ہیں (یعنی ساری دنیا جانتی ہے)
کسیکہ نمے داند شیخ سعدی و خواجہ حافظ است۔	جنہیں نہیں معلوم وہ شیخ سعدی اور خواجہ حافظ ہیں (یعنے ساری دنیا کو معلوم ہے)
کفتر جفتی صنار[۵] یا کریم نمے خواند	جس کبوتر کے جوڑے کی قیمت "صد دینار" ہو وہ یا کریم نہیں کہتا۔
کلاغ بچہ خود را از ہمہ خوشگل تر مے پندارد	کوا اپنے بچہ کو سب سے زیادہ خوب صورت خیال کرتا ہے
کلاہ تقی بر سر نقی۔	"تقی کی ٹوپی نقی کے سر پر" "احمد کی پگڑی محمود کا سر" "دادا جی کا فاتحہ۔ حلوائی کی دوکان"

[۵] صنار بجائے "صد دینار" دو شاہی کی قیمت کا ایک تانبے کا سکہ۔

فارسی	اردو
کلاہش پشم ندارد	اس کی ٹوپی میں اون نہیں (یعنی وہ ناکارہ ہے)
کل طویل احمق الا عمر کل قصیر فتنہ الا علی	(حضرت) عمر رض کے سوا ہر طویل القامت احمق ہوتا ہے۔ (حضرت) علیؑ کے سوا ہر کوتاہ قامت فساد کی جڑ ہوتا ہے۔
کم گفتن دلیل ہوشمندیست	کم بولنا عقلمندی کی دلیل ہے۔
کوسہ و ریش پہن	بڑی گھنی۔ کچھیہ داڑھی والا۔ بڑی بڑی آنکھیں (اندھا سا)
کوہ کندن و موش درآوردن	پہاڑ کھودنا اور چوہا نکالنا "کوہ کندن و کاہ برآوردن"
ع۔ کہ برسنگ غلطان نروید نبات کہر از کبود کم نیست۔	ع پتھر جو لڑھکتا ہوا ہے + جم سکتی نہیں کبھی کائی گیت تیلیا کیت سے کم نہیں "ترئی بہ کار و لعنت بہ ہر دو"
گاؤ یکہ بہ گُہ خوردن عادت کردہ محال است کہ علاجش را بکنند	جس گائے کی گُہ کھانے کی عادت ہو گئی اس کا علاج محال ہے (ایسے شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جسے ایک ہی قصور پر بار بار تنبیہ کی گئی ہو اور وہ باز نہ آیا ہو)
گربہ گرسنہ پیہ بخواب مے بیند	بھوکی بلی کو خواب میں چربی ہی نظر آتی ہے۔ "بلی کو خواب میں چھیچھڑے ہی نظر آتے ہیں"۔
گر کنی داد ور کنی فریاد + مال را دزد پس نخواہد داد	چیخو چلاؤ یا کرو فریاد + چور تو مال پھیرنے سے رہا۔
گر نبودے چوب تر + فرمان نبردے گاؤ خر	اگر ان کو ڈنڈے کا ہوتا نہ ڈر + تو کہنا نہ پھر مانتے گاؤ خر
گریہ بوقت بہ از خندۂ بے وقت	بر محل رونا بے محل ہنسنے سے بہتر ہے۔
گلیم بخت کسے را کہ بافتند سیاہ بآب زمزم و کوثر سفید نتوان کرد۔	سیاہ جس کے نصیبہ کی ہو بنی چادر وہ آب زمزم و کوثر سے بھی سفید نہ ہو

گنجشک در دست به از باز در هوا

وہ چڑیا جو ہاتھ میں ہو اس باز سے بہتر ہے جو ہوا میں ہو (یعنے اڑ رہا ہو اور ہمارے قبضہ میں نہ ہو) "نو نقد نہ تیرہ ادھار"

گنجشک را گفتند کہ "منارہ بچونت" گفت "چیزے بگو کہ بگنجد"

چڑیا سے کہا کہ "منارہ بچونت" (یعنی بکون تو) بولی ایسی بات کہو کہ جو ممکن بھی ہو۔

گنجشک گوشتالو[1] تا درست فرو مے برد وقتیکہ بزرگ میشود ارزن را پوست مے کند۔

چڑیا کا بچہ ثابت شہتوت نگلتا جاتا ہے مگر جب بڑا ہوتا ہے چینا کے دانہ پر سے چھلکا اتارتا ہے (مراد یہ کہ لڑکپن کی عمر میں انسان بے توجہی سے کام کرتا ہے لیکن سن رسیدہ ہوکر ہوشیار ہو جاتا ہے)

گنجشکہائے امسالی گنجشکہائے پارسالی را یاد مید ہند۔

اس سال کی چڑیاں پارسال کی چڑیوں کو تعلیم دیتی ہیں "نواسی نانی کو عقلیں دے"

گوز بہ بازار مسگری

ٹھٹیروں کے بازار میں گوز "نقار خانہ میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے"

گوسالہ تا گاب[2] شود دل صاحبش آب شود

بچھیا جب تک گائے ہو اس کا مالک تنگ آجاتا ہے

لاف در غربت زدن

پردیس میں شیخی مارنا (جہاں کوئی واقف نہیں اور غلط بیانی کی تردید نہیں کرسکتا)

لقمہ شکم را سیر نمیکند اما محبت را زیادہ میکند

نوالہ پیٹ نہیں بھر دیتا لیکن محبت بڑھا دیتا ہے

مار تا راست نشود داخل سوراخ خود نمے گردد۔

سانپ جب تک سیدھا نہیں ہوتا اپنے بل میں نہیں جا سکتا۔

مار کہ از پودینہ بدش می آید دم سوراخش سبز مے شود

سانپ کو پودینہ جتنا برا معلوم ہوتا ہے اتنا ہی وہ اس کے سوراخ پر اگتا ہے

---

[1] "گوشتالو" گوشت کا لوتھڑا۔ جب کہ پر بھی اچھی طرح نہ نکلے ہوں۔

[2] بازاری زبان میں "گاؤ" کو "گاب" اور "آب" کو "آو" کہتے ہیں۔

ما روے خود را از سیلی سرخ داریم والا از زور گرسنگی قوت زانو نه داریم	تماچوں کی ضرب سے میرا منہ لال ہے ورنہ بھوک کے مارے برا حال ہے (یعنی ظاہری حالت پہ قیاس نہ کرو۔
مال بد بیخ ریش صاحبش	برا مال (اس کے) مالک کے سر
ماما چو دو تا شد سر بچہ کج می شود	دو دائیوں میں بچہ کا سر ٹیڑھا ہو جاتا ہے "دو ملاؤں میں مرغی حرام"
ماه بچنین روشنائی هر ماہے سہ شب پنہان است وے صورت تو تمام وقت آشکار است۔	چاند اس درجہ روشنی کے باوجود ہر مہینہ میں تین رات چھپا رہتا ہے لیکن تیری شکل ہر وقت آشکارا ہے (طعنہ کے طور پر کسی زحمت رساں شخص سے کہتے ہیں۔
مثل خروس بے محل بانگ میزند	مرغ بے[۵] ہنگام کی طرح (بے محل) بول اٹھتا ہے (یعنی بے وقت کام کرتا ہے)
مثل شتر بر نردبان	(اس طرح جیسے اونٹ سیڑھی پر (یعنی بے انتہا بے تُک)
مثل شیر شکار بکن تا روباه از دولت سر تو بخورد۔	شیر کی طرح شکار کرتا کہ لومڑی بھی تیرے حاصل کئے ہوئے پر گذارہ کر سکے
مثل ماچ بعد از جماع	(اس طرح جیسے جماع کے بعد بوسہ (یعنی بے لطف و بے لذت)
مثل مجسمہ بر جا خشک شدم۔	میں بت کی طرح اپنی جگہ سوکھ کے رہ گیا۔
مثل نقش بر دیوار۔	(اس طرح جیسے دیوار پر تصویر (یعنی ہکا بکا)
محبت خوب است از ہر دو سر باشد از یک طرف درد سر است۔	محبت دونوں طرف سے ہو تو خوب ہے ایکطرف سے درد سر ہے۔

۵ مرغ بے ہنگام نحس خیال کیا جاتا ہے۔

فارسی	اردو
محتسب در بازار است	پولیس انسپکٹر بازار میں موجود ہے (یعنی اس قدر آپے سے باہر نہ ہو ورنہ سزا پاؤ گے)
مردانگی با شمشیر است نہ با توپ و تفنگ	بہادری تلوار (سے لڑنے) میں ہے۔ نہ توپ اور بندوق (سے لڑنے) میں
مردہا مردہ اند زندہ ہا نمیرند	جو مر چکے وہ تو مر ہی چکے (اب کہیں) زندہ کی خیر ہو
مرغ و ماہی در خواب دیدہ است	پرند اور مچھلی خواب میں دیکھی ہے (یعنی اس کے بھلے دن آ گئے۔
مرگ میخواہی برو جیلاں	مرنے کی تمنا ہے تو جیلان چلا جا (ایسے شخص سے کہا جاتا ہے جو اپنے جائز مطالبہ سے زیادہ کا خواہشمند ہو۔ گیلان کی آب و ہوا مرطوب اور مضر صحت ہے)
ع مسلمان نشود کافر نہ بیند	ع خدا محفوظ رکھے اس سے کافر اور مسلمان کو
مشت پس خایہ	خصی کرنے کے بعد گھونسہ "مرے پر سو دُرے" "وہ مفلسی میں آٹا گیلا"
مشتش وا شد	اس کی مٹھی کھل گئی (یعنی اس کا راز افشا ہو گیا)
ملازم نو تیز رو۔	نیا نوکر مستعد۔
ع ملا شدن چہ آسان آدم شدن چہ مشکل	کس قدر سہل ہے ملا بننا کیسا دشوار ہے انسان ہونا "شیخ جی صاحب فرشتہ ہوں تو ہوں + آدمی ہونا بہت دشوار ہے۔"
من آب باریک را بہتر از سیلاب رود خانہ میدانم کہ سالے یکبار بیاید و باقی سال خشک مے باشد	میں سوتے کو دریا کے سیلاب پر ترجیح دیتا ہوں جو سال میں ایکمرتبہ آتا ہے اور باقی سال خشک رہتا ہے

ہر آنکس خواب بیند مرغ و ماہی + نمیرد تا نہ بیند بادشاہی (نادر شاہ کے خواب کی طرف اشارہ ہے)

فارسی	اردو
من بچہ پیش از قبالہ ہستم؎	میں اپنے باپ کے نکاح سے پہلے پیدا ہوا ہوں (یعنے میں سب کچھ جانتا ہوں مجھے کیا سکھاتی ہو، (لوطیوں کا محاورہ)
من بچہ خاکِ پاکم	میں شیرازی ہوں (خاک پاک سے مراد شیراز)
ع۔ من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو	یعنے ہم تمہیں حاجی کہیں اور تم ہمیں حاجی کہو۔
من جواب دو زن را نمے توانم بدہم	میں دو بیویوں سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا۔
من چہل سال است در این خانہ مثل سگ پارس کردہ ام تا حالا محرم شدہ ام	میں نے چالیس برس تک اس گھر میں کتے کی طرح خدمت کی ہے تب کہیں محرم راز ہوا ہوں (پارس کردن۔ کتے کا بھونکنا)
من رگ و ریشۂ او را میدانم	"میں اس کے رگ و ریشہ سے واقف ہوں"
من زبانم مو در آورد از بسکہ با این نصیحت کردم	میں نے اُسے اس قدر سمجھایا کہ میری زبان پر بال نکل آئے (یعنے میں اُسے سمجھاتے سمجھاتے عاجز آ گیا)۔
مہمان خر صاحب خانہ است	مہمان میزبان کا گدھا ہوتا ہے (یعنی میں تمہاری متابعت کروں گا)
مہمان کہ خیلے جائے ماند بار مے شود	جو مہمان کہ زیادہ ٹھہرتا ہے وہ بار خاطر ہو جاتا ہے "ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن وبال جان"۔
من صد تا مثل شما را سر چو میبرم و تشنہ بر مے گردانم۔	میں تم جیسے سیکڑوں کو دریا پر لے جاؤں اور پیاسا لوٹا لاؤں یہ "بیچ آؤں تو بیع بھی نہ کھلے"
مے بخور منبر بسوزاں آتش اندر خرقہ کن۔ ساکن بتخانہ باش و مردم آزاری مکن۔	پھونک دے خرقہ جلا دے منبر اور پی لے شراب جا کے بت خانہ میں رہ پر مردم آزاری نہ کر

؎ قبالہ بمعنی نکاحنامہ۔

میمون ہرچہ نشتر[۱] است بازیش خوشتر است

بندر جتنا بدصورت ہے اس کی حرکتیں اتنی ہی دل پسند ہیں (ایسے مریض سے کہتے ہیں جو تلخ دوا سے گھبراتا ہو)

نقد را بہ نسیہ نہ باید داد

نقد کو قرض (کی امید) پر ہاتھ سے نہ دینا چاہئے ''نو نقد نہ تیرہ ادھار''

ع نمے بینی کہ گاوے در علف زار
بیالاید ہمہ گاوان دہ را

ع کیا تو نے نہیں دیکھا اک گائے چراگہ کی ، کر دیتی ہے آلودہ کل گاؤں کی گایوں کو ''ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کرتی ہے''

نخواندہ ملاست

وہ بے پڑھے ہی ملا ہے (شیخی خوردن کیلئے طعنہ)

نوکر کار ما مثل آتشپزے مے ماند ہرچہ میدہی آش مے خوری۔

ہمارا کام تو مثل باورچی کے ہے جیسا سامان آپ دیں گے ویسا ہی کھانے کو ملے گا'' ''جیسی تری چاول ویسے میرے گیت'' ''جیسا تیرا نون پانی ویسا میرا کام جانی''

نوکرے کہ جیرہ و مواجب ندارد آں نوکر تاج سر آقاست

جس نوکر کو تنخواہ اور روٹی کپڑا نہیں دیا جاتا وہ اپنے آقا کے سر کا تاج ہوتا ہے (یعنے نہایت لاابالی اور بے پرواہ ہوتا ہے)

نہ آفتاب ازیں گرم تر مے شود نہ غلام ازیں سیاہ تر

نہ سورج اس سے زیادہ گرم ہوگا نہ خدمتگار اس سے زیادہ کالا۔

نہ خوب خوبست نہ بد بد

نہ اچھا ہی ہے نہ برا۔

نہ خود خورد نہ بکس دہد گندہ کند بہ سگ دہد

نہ آپ کھائے نہ دوسرے کو دے۔ سڑا دے اور کتے کو کھلا دے

ع۔ نہ زنگی بہ گرمابہ[۲] گردد سفید

ع نہلانے سے گورا حبشی ہو نہیں سکتا۔ ''کالے صابن لگائے گورے نہیں ہوتے''

[۱]۔ زشت نز کا مخفف ہے

[۲]۔ حمام۔

وعدہ کردن آسان ست ایفاش مشکل

ع۔ "وعدہ آسان ہے وعدہ کی وفا مشکل ہے"

وقتِ گل نے۔ یا۔ سالیکہ جمعہ ندارد

بانس میں پھول آنے کے وقت۔ یا جس سال جمعہ نہ ہو (مراد یہ کہ کبھی نہیں جس طرح اردو میں کہتے ہیں کالی۔ پیلی یا سفید جمعرات کو)

وقتیکہ گوز پیہ خود را جمع میکند

گوز لگانے کے بعد سنجیدہ بنتا ہے۔

ولایت حاکم دارد

حاکم ملک میں موجود ہے (یعنے اس قدر آپے سے باہر نہ ہو ورنہ سزا پاؤ گے)

ہر از پر نمے داند

"ہو لا یعرف الھر من البر" ہر اور پر میں فرق نہیں کر سکتا (کرنل فلاٹ صاحب کہتے ہیں کہ "ہر" اور "پر" بے معنی لفظ ہیں لیکن یہ فقرہ عربی کی مشہور مثل "ہو لا یعرف الھر من البر" سے ماخوذ ہے۔ بلکہ اسی کا ترجمہ ہے "بر" بگڑ کر "پر" ہو گیا ہے "بر" کے معنے ہیں۔ نیکی۔ بھیڑ کے ہنکانے کی آواز لومڑی کا بچہ اور "ہر" کے معنے ہیں۔ کراہت۔ بھیڑ کو بلانے کی آواز۔ بلی کا بچہ ۱۲ صراح مراد یہ کہ وہ مرغوب و مکروہ یا بچہ گربہ و بچہ روباہ میں تمیز نہیں کر سکتا یعنے بڑا نادان ہے ۱۲۔ شادان بلگرامی)

ہر چہ از باد آید بر باد رود

جو چیز مفت مل جاتی ہے وہ یوں ہی برباد جاتی ہے "مالِ مفت دلِ بے رحم"

ہر چہ در دل است بزبان مے آید

جو کچھ دل میں ہوتا ہے وہی زبان سے نکلتا ہے "از کوزہ ہمیں برون تراود کہ در وست"

ہر چہ غصہ بخوری از کیسات رفتہ است	جتنا رنج کرو گے اتنا ہی زیادہ نقصان ہے۔ "جانا ہو تو اس کا غم نہ کیجیے۔ نسیم لکھنوی" "چیزے کہ رفت رفت مکن یاد او دگر + زیرا کہ تازہ کردن غم کار عقل نیست۔ ابن یمین"
ہر چہ مے کاری میدروی	"جو بوؤ گے سو کاٹو گے"، "جیسا کرو گے ویسا بھرو گے" "جیسی کرنی ویسی بھرنی"
ع۔ ہر درخشندہ طلا نبود	ع ہر شے جو چمکتی ہے وہ سونا نہیں ہوتی۔
ہر خریکہ ہست ما پالانش ایم	جو گدھا بھی ہو ہم اس کے پالان ہیں (یعنی جو شخص بھی حاکم ہو ہم اس کے اطاعت گذار ہیں)
ہر دہے کدخدائے ہر ملکے رسمے دارد	ہر گاؤں کا ایک چودھری اور ہر ملک کا ایک قانون ہوتا ہے "ہر ملکے ہر رسمے"
ہر روز خر خرما نمے رید	"گدھا ہر روز چھوہارے نہیں ہگتا" "ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے"
ع۔ ہر سخن جائے و ہر نکتہ مکانے دارد ہر سرازیرے یک سربالاے ہم دارد	ع۔ ہر ایک بات کا ہوتا ہے اک محل و مقام ہر پستی کے لئے ایک بلندی بھی ہے۔
ہر کس بامید ہمسایہ نشیند شب بے شام مے خوابد	جس شخص (کے خورد و نوش) کا دار و مدار ہمسایہ پر ہوتا ہے وہ رات کو بھوکا ہی سوتا ہے۔ (یعنی اس کا ہمسایہ اس کی کچھ امداد نہیں کرتا۔ ہر شخص کو اپنے لئے خود کوشش کرنی چاہیے)
ہر کس برادر نہ دارد قوت زانو نہ دارد	جس کے بھائی نہیں اسکے پاؤں میں قوت نہیں
ہر کس فرزند ندارد نور چشم ندارد	جس کے بیٹا نہیں وہ نور چشم سے محروم ہے
ہر کس پادشاہ خانہ خود است	ہر شخص اپنے گھر کا بادشاہ ہے۔
ع ہر کسے پنج روزہ نوبت اوست	ع "سب بجا جاتے ہیں نوبت اپنی اپنی چاؤن"

فارسی	اردو
ہر کسے کار خودش بار خودش	"دست خود دہان خود"
ع۔ ہر کہ بامش بیش برفش بیشتر	ع چھت بڑی ہو جس کی اس کی برف بھی ہوگی کثیر "جن کے رتبے ہیں سوا اُن کو سوا مشکل ہے"
؎ ہر کہ بشب راہ رفت روز بمنزل رسید ہر کہ بشب خواب رفت خاک بسر میکند	؎ دن کو وہ منزل پہ پہنچا رات کو جو چل پڑا خاک سر پہ ڈالتا ہے رات کو جو سو رہا۔ "سووے گا سو کھووے گا۔ جاگے گا سو پاوے گا"
ہر کہ زر دارد زور دارد	جس کے پاس پیسہ ہے وہی طاقتور ہے
ع۔ ہر کہ قدرش بیش دردش بیشتر	ع "جن کے رتبے ہیں سوا ان کو سوا مشکل ہے"
ہر گریہ از عقبش یک خندہ دارد	رونے کے بعد ہنسنا بھی ہے (یعنی تکلیف کے بعد راحت بھی ہے) "ان مع العسر یسرا"
ع ہرگز سرم ز کاسۂ زانو جدا نہ شد	ع۔ زانو سے عمر بھر نہ مرا سر جدا ہوا (یعنے میری تمام عمر غم میں بسر ہوئی)
ہر مرغے کہ منقارش کج است باز نیست	ہر وہ پرند جس کی چونچ ٹیڑھی ہو باز نہیں ہوتا ؎ ہوتے سیرت سے ہیں مردان دلاور ممتاز۔ ورنہ صورت میں تو کچھ کم نہیں شہباز سے چیل مذوق
ہر میوہ کہ سرش از باغ بیرون باشد ہر کس از راہ می گذرد بران سنگ مے اندازد	جس میوہ کی ٹہنیاں باغ سے باہر نکلی ہوتی ہیں جو شخص راستہ سے گذرتا ہے اس پر پتھر مارتا ہے (یعنی اپنی عزیز چیزوں کی حفاظت کرو بالعموم بیوی کے متعلق استعمال ہوتا ہے)
ہزار نعمت و یک تندرستی	"تندرستی ہزار نعمت ہے" غالب
ع۔ ہمانکس کہ دندان دہد نان دہد	ع وہ دیتا ہے روٹی دیئے جس نے دانت
ہم خدا و ہم خرمائے شود۔	خدا اور چھوہارے دونوں نہیں مل سکتے ؎ "ہم خدا خواہی و ہم دنیائے دوں + این خیالست و محالست و جنوں"

ہمہ کارہ ہیچ کارہ	ایسا شخص جو ہر بات کے متعلق کچھ نہ کچھ معلومات رکھتا ہو لیکن ماہر کسی فن کا نہ ہو۔
ہمہ ما اولاد آدم ہستیم	ہم سب آدم کی اولاد ہیں (ایسے آدمی سے کہا جاتا ہے جو خواہ مخواہ کسی بڑے آدمی کا رشتہ دار بنتا ہے)
ہمیشہ داد از نیستی مے زند	ہمیشہ مفلسی کا فریادی رہتا ہے
ہمیشہ نانت بشاخ آہو باشد	تیری روٹی ہمیشہ ہرن کے سینگ میں بندھی رہے (یعنی تو ہمیشہ روٹی کو محتاج رہے۔ بددعا)
ہندوستان بیاد فیل افتاد	ہاتھی کو ہندوستان یاد آیا (یعنی کسی کو اپنا وطن یاد آیا)
ہنوز بآب نرسیدہ کفش از پا پش بیروں مے کند	پانی تک پہنچنے سے پیشتر ہی پاؤں سے جوتی اتارتا ہے
ہیچ چیز بہتر از گردن تسلیم نیست	سر جھکا دینے (یعنی عاجزی) سے بہتر اور کوئی بات نہیں۔
ہیچکس ہرگز چراغش تا صبح نمی سوزد	کسی شخص کا چراغ صبح تک روشن نہیں رہتا (یعنی ہمیشہ کسی کی بنی نہیں رہتی)۔
یا اجل میدواند یا روزی	یا موت دوڑاتی ہے یا روزی۔
یا تختہ تخت یا تختۂ تابوت	"یا تخت یا تختہ" (یعنے یا تخت لینگے یا جان دینگے)
یا تخت یا تابوت	"یا تخت یا تختہ" ایضاً
ع۔ یارب مباد آنکہ گدا معتبر شود	ع الہی گداگر کو ثروت نہ دینا۔
یار در خانہ و من گرد جہاں مے گردم آب در کوزہ و من تشنہ لباں میگردم	ست بغل میں یار ہے اور ڈھونڈھتا پھرتا ہوں گھر گھر میں پیالہ میں ہے پانی پیاس سے پھرتا ہوں مضطر میں "ڈھنڈورا شہر میں بچہ بغل میں"۔

پاسر یا کلاہ
یکرنگ تر ز بیضہ ندیدم دریں جہاں
چوں پوست اش دریدم دیدم دو رنگ ہست

یاسر یا ٹوپی (یعنی یا تو سر دیں گے یا تاج لینگے)
انڈے سے زیادہ کوئی یکرنگ نہ پایا۔
پر توڑ کے دیکھا تو دو رنگی نظر آئی۔

یک سنگ و دو چغوک

ایک پتھر اور دو چڑیاں۔ "ایک پنتھ دو کاج"
چہ خوش بود کہ بر آید بیک کرشمہ دو کار

یک شاخہ از ریشم بگرد اگر کند۔

میں اپنی داڑھی کے ایک بال کی شرط لگاتا ہوں اگر وہ ایسا کرے "اگر ایسا نہ ہو تو مونچھ منڈا دوں"

ضمیمہ ج

سکے

دینار = ایک فرضی سکہ
۵ دینار = ایک غاز (ایک فرضی سکہ)
۱۰ غاز = ۵۰ دینار = ایک شاہی
۲ شاہی = ایک محمدی
۲ محمدی = ۴ شاہی = ایک عباسی
۵ عباسی = ۲۰ شاہی = ۱۰۰۰ دینار = ایک قران
۱۰ قران = ۱۰۰۰۰ دینار = ایک تومان

اوزان

ایران میں قیمتی چیزیں اور مختلف قسم کے اناج تولے جاتے ہیں ناپے نہیں جاتے

نخود
۲۴ نخود = ایک مثقال۔
۹۰ مثقال = ایک وقیہ۔
۸ وقیہ = ایک من تبریزی
۲ من تبریزی = ایک من شاہی
۴ من تبریزی = ایک من رے
۸ من شاہی = ایک من ہاشمی
۵۰ من شاہی = ایک خروار

لمبائی کے پیمانے

موئے شتر
جو
انگشت
بہر = (انگلی کی پور)
۲ بہر = ایک گرہ
۱۶ گرہ = ایک گز (تقریباً ۴۰ انچ)
ترکی میں "ارشین" بھی کہتے ہیں
وجب = (بالشت)
دست یا
ذرع یا
ارج = ہاتھ یعنی کہنی سے لیکر درمیانی انگلی کے سرے تک کی لمبائی
قدم = ۲ گز
بغل = ایک ہاتھ کی درمیانی انگلی کے سرے سے لیکر دوسرے ہاتھ کی درمیانی انگلی کے سرے تک کی لمبائی۔
کلہ = تقریباً ½ ۵ فیٹ)
فرسخ = ۱۲۰۰۰ قدم یا ۶۰۰۰ گز تقریباً ساڑھے تین یا ½ ۳ میل انگریزی۔
رشت سے لے کر طہران تک جو نئی سڑک بنی ہے روسی اس کا فاصلہ ۸ ورسٹ فی فرسخ کے حساب شمار کرتے ہیں = روسی ورسٹ انگریزی میل کا ۶۶۳ء ہوتا ہے۔

حکیم نباتات - فارسی ڈرامہ مشمولہ امتحان
منشی قیمت ۴/

شکوہ ہند - مولنا حالی کی مشہور و معروف
نظم قیمت ۲/

چپ کی داد ″ ″ ″ ″ ۲/

مسدس حالی ″ ″ ″ ۸/

خلاصہ شعر العجم - حصہ سوم قیمت ۶/
″ ″ چہارم ″ ۸/
″ ″ پنجم ″ ۴/

لمعات الروح - حضرت اوج گیاوی
کا کلام .... قیمت ۶/

پرشین کمپوزیشن - از پروفیسر علیم الدین صاحب
ایم-اے فارسی ترجمہ اور مضمون نویسی
کے لئے بہت مفید ہے قیمت .. عہ/

ترجمہ و شرح رباعیات ابو سعید ابوالخیر
از مولوی عباد اللہ صاحب اختر و مولوی سید
اولاد حسین صاحب شاداں بلگرامی قیمت ۱۲/

مطالب الغالب - یعنی دیوان غالب اردو
کی جدید ترین و بہترین شرح از مولنا سہا ۱۲/

الفاروق - از مولنا شبلی نعمانی قیمت عہ
″ ″ ″ درجہ اول عہ

المامون .... قیمت عہ

عقد لآلی - شرح اخلاق جلالی از مولوی
محمد الدین صاحب مختار پروفیسر اورنٹیل
کالج لاہور قیمت .... عہ/

سرگذشت الفاظ - از مولوی احمد الدین صاحب
بی-اے - الفاظ کی کہانی ان کی اپنی زبانی
اشتقاقات اور مطالعہ الفاظ پر محققانہ بحث
قیمت فی جلد دو روپے ؏

دیوان میر درد - مشمولہ امتحان آنرز ان
اردو قیمت ۶/

ظہیر الاخلاق - خلاصہ اخلاق جلالی
قیمت ۱۲/

مضامین فارسی - ۵۲ مختلف مضامین
بزبان فارسی ان میں سے اکثر وہ مضامین ہیں
جو امتحان منشی فاضل میں آچکے ہیں طلباء
کے لئے از بس مفید ہے قیمت عہ

قصائد ذوق .... قیمت ۶/